فتح الباری کی عبارت | باب تمتع علی عہد... عن عمران بن حصین تمتعنا علی عہد رسول اللہ ﷺ ونزل القرآن قال رجل برأیہ ما شاء... واغرب الکرمانی فقال ان المراد بہ عثمان والاولی ان یفسر بعمر فانہ اول من نہی عنہا۔

ترجمہ: عمران صحابی بیان کرتا ہے کہ زمانہ رسالت میں ہم نے متعہ کیا ہے اور قرآن نازل ہوا ہے اور ایک مرد نے اپنی رائے سے کہا کرمانی نے کہا ہے کہ مراد عثمان ہے اور اولیٰ یہ ہے کہ رجل سے مراد عمر لیا جائے کیونکہ عمر پہلا وہ شخص ہے جس نے متعہ کو منع کیا ہے۔

نوٹ: اسی روایت کو امام رازی نے اپنی تفسیر کبیر میں سورہ نساء پ۵ آیت فما استمتعتم کی تفسیر میں لکھا ہے اور امام صاحب اس تفسیر سے معلوم ہوتا ہے کہ اس روایت کا تعلق متعہ النساء سے ہے

متعہ کے حلال ہونے کی پانچویں دلیل کہ صحابی رسولؐ اللہ عبداللہ بن عباس بھی اسماء بنت ابی بکر کی طرح متعہ کو حلال جانتا تھا

دلیلِ اول

دلیل اول ابن عباس متعہ کو حلال جاننے کی سنی علما کی گواہی ہے

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب عنایہ شرح ہدایہ ص ۱۰۹ ج ۲ باب نکاح

۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم کی شرح نووی سے

۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک ص ۴۳ ج ۴ باب متعہ

۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتاویٰ قاضی خان ص ۱۵۱ ج ۱ کتاب النکاح

۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب موطا کی شرح زرقانی ص ۱۵۳ ج ۳

۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ص ۱۴۳ ج ۹ کتاب التزویج

۷۔ اہلسنت کی معتبر کتاب مبسوط سرخسی سے

۸۔ اہلسنت کی معتبر کتاب ازالۃ الخفاء

۹۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تبیان الحقائق شرح کنز الدقائق سے

۱۰۔ اہلسنت کی معتبر کتاب رمز الحقائق شرح کنز الدقائق سے

۱۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب خزانۃ الروایات سے

۱۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب کافی

عنایہ شرح ہدایہ ص ۱۴۲ ج ۳ | فی نکاح المتعۃ خلاف مالک فانہ یجوز عنہ و هو الظاهر من قول ابن عباس

ترجمہ ملخص: امام مالک اور ابن عباس کے نزدیک متعہ جائز ہے۔

دلیل دوم ابن عباس کے متعہ کو حلال کہنے کی یہ ہے کہ ان کے حلیت متعہ والے فتویٰ کی شعراء نے خوب تعریف فرمائی ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ج ۳ صفحہ ۱۹۵ آیت متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب سنن الکبریٰ البیہقی ج ۷ صفحہ ۲۰۵
اہلسنت کی معتبر کتاب فتح القدیر شرح ہدایہ ج ۳ صفحہ ۱۵۱
اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ج ۶ صفحہ ۱۴۵

نیل الاوطار کی عبارت ! عن سعید بن جبیر قال قلت لابن عباس ما تقول فی المتعة فقد اکثر الناس فیها حتی قال فیها الشاعر

سعید بن جبیر نے ابن عباس سے پوچھا کہ آپ متعہ کے بارے کیا فرماتے ہیں. لوگ اور شعراء آپ کے حلیت متعہ والے فتویٰ کا خوب ذکر کرتے ہیں.

تفسیر کبیر کی روایت ! ان الناس لما ذکروا الاشعار فی فتیا ابن عباس فی المتعة
جواز متعہ کے بارے جب شعراء نے ابن عباس کے اشعار کو ذکر کیا.

نوٹ ہمارا باب الفضائل میں ابن عباس کا متعہ کو حلال سمجھنا ایک ناقابل انکار حقیقت ہے تو کیا یہ صحابی رسول اللہ خدا اور رسول کا مقابلہ کر رہا تھا کہ خدا اور رسول کے نزدیک متعہ حرام تھا مثل زنا تھا اور یہ صحابی رسول اللہ اس زنا کو حلال کہتا تھا. اگر اس طرح سمجھے تو پھر معلوم ہوا کہ صحابہ کرام میں ایسے خراب لوگ تھے اور اگر متعہ شریعت میں حلال تھا صرف من مانی کرتے ہوئے جناب عمر نے متعہ کو حرام فرمایا تھا. تو اس سے بھی معلوم ہوا کہ صحابہ کرام میں ایسے لوگ تھے جو حکم خدا کے سامنے اکڑ جاتے تھے .

دلیل سوم ابن عباس کے متعہ کو حلال کہنے کی یہ ہے کہ وہ حرمت متعہ کا فتویٰ دینے والوں کو آسمان سے پتھر برسنے اور دوسرے عذاب سے ڈراتے تھے

اہلسنت کی معتبر کتاب زاد المعاد ج ۱ ص ۲۵۲

قال ابن عباس لمن كان يعارضه فيها بأبي بكر وعمر يوشك أن ينزل عليكم حجارة من السماء اقول . قال رسول الله . وتقولون قال ابو بکر و عمر

ترجمہ: جو لوگ ابن عباس سے یہ کہتے تھے کہ تم متعہ کو حلال کہتے ہو۔ اور ابو بکر و عمر اس کو منع کرتے تھے ابن عباس نے ان سے فرمایا کہ قریب ہے کہ تم پر آسمان سے پتھر نازل ہوں، میں تمہارے سامنے قول رسول اللہ کو پیش کرتا ہوں اور تم میرے سامنے میرے خلاف قول ابو بکر و عمر کو پیش کرتے ہو

فقط :۔ اس باب کو ذرا غور سے پڑھیں۔

عروہ اور ابن عباس کا مسئلہ متعہ کی بابت مناظرہ

زاد المعاد ص ۲۵۵ عروہ نے ابن عباس سے کہا کہ تو متعہ کو حلال کہتا ہے اور تو خدا سے نہیں ڈرتا۔ ابن عباس نے کہا کہ تو اپنی ماں سے جا کر متعہ کا مسئلہ پوچھ۔ عروہ نے کہا کہ ابو بکر اور عمر نے متعہ نہیں کیا ابن عباس نے فرمایا کہ میں نہیں دیکھتا کہ تم ان فضول باتوں سے رک جاؤ حتیٰ کہ تم پر عذاب خدا نازل ہو۔ میں تم کو رسول اللہ کا فرمان سناتا ہوں اور تم مجھ کو ابو بکر اور عمر کی باتیں سناتے ہو

دلیل نمبر ۳: ابن عباس متعہ کو حلال کہتے تھے، کہا ہے کہ بقول ابن عباس کے عمر نے متعہ کو حرام کر کے لوگوں کو قیامت تک زنا کا محتاج کر دیا۔

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر طبری ج ۵ ص ۹ آیت متعہ
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی ج ۵ ص ۱۳۰
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر احکام القرآن جصاص ج ۲ ص ۱۴۷
۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب سنن الدار قطنی ج ۳ ص ۲۵۷ کتاب النکاح
۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور ج ۲ ص ۱۴۰
۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب نہایہ ابن اثیر ج ۲ ص ۲۴۹ مادہ شفا
۷۔ اہلسنت کی معتبر کتاب مجمع البحار گجراتی ص —
۸۔ اہلسنت کی معتبر کتاب ہدایۃ المجتہد ج ۲ ص ۵۸ ابن رشد
۹۔ اہلسنت کی معتبر کتاب الفائق زمخشری ص — لغت شفی
۱۰۔ اہلسنت کی معتبر کتاب لسان العرب ص — شفی
۱۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تاج العروس ص — شفی

تفسیر در منثور کی عبارت: واخرج عبد الرزاق وابن منذر من طریق عطاء عن ابن عباس قال یرحم اللہ عمر ما کانت المتعۃ الا رحمۃ من اللہ رحم بہا امۃ محمد ولولا نہیہ عنہا ما احتاج الی الزنا الا شقی وہی التی فی سورۃ النساء فما استمتعتم بہ منہن الی کذا وکذا من الاجل علی کذا وکذا ... واخبرنی انہ سمع ابن عباس یراہا الآن حلالاً۔

بقول ابن عباس جناب عمر کی وجہ سے لوگ رحمت خداوندی سے محروم ہو گئے

ترجمہ: ابن عباس نے فرمایا کہ متعہ لوگوں کیلئے اللہ پاک کی طرف سے رحمت تھا اور خدا رحم کرے عمر پر اس کی وجہ سے لوگ اس رحمت سے محروم ہو گئے اور اگر عمر متعہ سے منع نہ کرتے تو سوائے شقی کے کوئی زنا کا محتاج نہ ہوتا۔ عطا کہتا ہے کہ ابن عباس اس وقت متعہ کو حلال جانتا تھا۔

نوٹ :۔ علامہ سیوطی نے مسند عالی سے یہ نقل کیا کہ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ابن عباس نے تحریم متعہ میں تکذیب عمر فرمائی ہے دونوں صحابی ہیں۔ ان میں سے ایک کا غلطی پہ ہونا ضروری ہے اور وہ عمر ہے کیونکہ ان کا فرمان قرآن کے خلاف ہے

نیل الاوطار کی عبارت وكان ابن عباس يقول يرحم الله عمر ما كانت المتعة الا رحمة من الله رحم بها عباده ولولا نهي عمر عنها ما احتاج الى الزنا ابدا

ترجمہ: ابن عباس فرماتے تھے کہ متعہ بندوں پر اللہ کی رحمت تھی اور خدا رحم کرے عمر صاحب پر اگر وہ متعہ سے لوگوں کو منع نہ کرتا تو کبھی بھی کوئی شخص زنا کا محتاج نہ ہوتا۔ نوٹ: بڑی شرافت سے ابن عباس نے عمر صاحب کی تکذیب فرمائی

تفسیر قرطبی کی عبارت عن ابن عباس انه قال ما كانت المتعة الا رحمة رحم الله بها هذه الامة ولولا نهي عمر عنها ما زنى الا شقي

ترجمہ: ابن عباس فرماتے ہیں کہ نکاح متعہ اس امت کے لئے اللہ پاک کی رحمت تھی اور اگر جناب عمر اس متعہ سے لوگوں کو منع نہ کرتے تو سوائے شقی کے کوئی زنا نہ کرتا

نوٹ: اے ارباب انصاف حضرت ابن عباس کوئی کوچہ گرد شخص تو نہیں آپ جناب عمر کی طرح صحابی ہیں ان کا یہ فرمان متعہ کے حلال ہونے کا ٹھوس ثبوت ہے اگر متعہ زنا ہوتا تو عمر کے اس کو منع کرنے پر ابن عباس افسوس نہ فرماتے۔

دربابِ صحاح اہلسنت کی گواہیاں کہ ابن عباس متعہ کو حلال جانتا تھا

اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری کتاب النکاح

اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم باب نکاح

اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم کی شرح نووی

اہلسنت کی معتبر کتاب سنن الکبری کتاب النکاح

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور

صحیح بخاری کی عبارت: عن ابی جمرہ قال سمعت ابن عباس سئل عن متعۃ النساء فرخص۔ ابو جمرہ کہتا ہے کہ ابن عباس سے عورتوں کے متعہ کی بابت سوال ہوا اور میں سن رہا تھا انہوں نے فرمایا کہ رخصت ہے اور حلال ہے۔

نوٹ:- اس جگہ ان کے مولوی نے دم چھلہ لگایا مگر وہ غلط ہے۔

صحیح مسلم کی عبارت: لقد کانت المتعۃ تفعل علی عہد امام المتقین یرید رسول اللہ ۔ ابن زبیر نے مکہ میں خطبہ کے دوران ابن عباس پر طعنہ لگاتے ہوئے فرمایا کہ خدا نے جن کے دلوں کو ان کی آنکھوں کی طرح اندھا کر دیا ہے وہ متعہ کی حلیت کا فتویٰ دیتے ہیں۔ ابن عباس نے فرمایا کہ تو بے علم ہے۔ متعہ امام المتقین سید المرسلین کے زمانہ میں کیا جاتا تھا یعنی رسول اللہ کے زمانہ میں۔ ابن زبیر نے بر سر حکومت کہا کہ اگر تو نے متعہ کیا تو میں سنگسار کروں گا۔

نوٹ:- ابن زبیر کا زمانہ حکومت ابوبکر عمر عثمان کے بہت بعد آیا ہے اور ابن زبیر کا تحلیل متعہ کی بابت ابن عباس سے نوک جھونک کرنا اس بات کا ٹھوس ثبوت ہے کہ ابن عباس متعہ کو حرام کرنے میں عمر کو غلطی پر سمجھتا تھا اور خود متعہ کو جائز اور حلال جانتا تھا کیونکہ رسول اللہ متعہ کو حلال جانتے تھے۔

مکہ اور مدینہ پاک کے لوگوں کے دو مایہ ناز مسئلے عورتوں سے وطی فی الدبر اور متعہ اور انہی فتووں کے باعث فقہائے حجاز کا سر فخر سے بلند ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص۱۵۳ ج۶ کتاب النکاح
اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ص۱۴۳ ج۹

فتح الباری کی عبارت | ابن بطال کہتا ہے کہ اہل مکہ اور یمن نے اباحۃ متعہ کی ابن عباس سے روایت کی ہے۔ ثم قال۔ اور ساتھ ہی ایک جماعت نے یقین کی حد تک فرمایا ہے کہ ابن عباس اباحۃ متعہ کے فتوی میں متفرد ہے وھی من المسائل المشھورۃ وھی نادرۃ المخالفۃ۔ ابن عباس کا متعہ کو حلال کہنا ان مسائل مشہورہ میں سے ہے کہ جن میں کہا جاتا تھا کہ ندرۃ المخالف۔

نیل الاوطار کی عبارت | قال الاوزاعی۔ تیرک من قول اھل الحجاز خمس فذکر منھا متعۃ النساء من قول اھل مکۃ واتیان النساء فی ادبارھن من قول اھل المدینۃ۔ وروی اھل مکۃ عن ابن عباس اباحۃ المتعۃ۔ اوزاعی امام اہلسنت فرماتے ہیں کہ اہل حجاز کے قول سے ۵ باتیں چھوڑ دی جائیں گی۔ اور ان میں سے ایک تو اہل مکہ کا فتوی ہے کہ متعہ حلال ہے اور دوسرا اہل مدینہ کا مایہ ناز فتوی کہ عورتوں کی وطی فی دبر جائز ہے۔ اہل مکہ نے ابن عباس سے اباحۃ متعہ کی روایت کی ہے۔

نوٹ:۔ اہل مکہ و مدینہ صحابہ کی نظروں میں بڑی شان والے ہیں اور یہ فقہاء متعہ کو حلال جانتے تھے اگر متعہ بالفرض زنا ہے تو کیا یہ تمام مکہ و مدینہ صحابہ زنا کو حلال جانتے تھے اور حقیقت یہ کہ ابن جریج نے تو خود ۹۰ عورت سے متعہ کیا ہے۔

ابن عباس کے متعہ کو حلال جاننے کی بابت وکلائے صحابہ کے گھڑے ہوئے عذر

ابن عباس کی صفائی میں پہلا عذر / وکلائے صحابہ فرماتے ہیں کہ ابن عباس چونکہ حرمت کا علم نہ تھا یا ناسخ حلیت متعہ کا ان کو پتہ نہ تھا اس لئے وہ تمام زندگی متعہ کو حلال سمجھتے رہے۔

جواب / یہ عذر ضعیف ہے / حکومتی سطح سے جناب عمر کا متعہ سے منع کرنا اور ابن عباس کا نہ ماننا۔ اور ابن زبیر کا بھی ابن عباس کو تحلیل متعہ سے روکنا اور ابن عباس کا ان کو ان کی ماں کے متعہ کرنے کا طعنہ دینا اس بات کا ثبوت ہے کہ ابن عباس تحریم متعہ کو غلط سمجھتے تھے اور جناب عمر وغیرہ کی تکذیب کرتے تھے۔

ابن عباس کی صفائی میں دوسرا عذر / ابن عباس سے حرمت متعہ اور تحلیل متعہ کی دو روایات مروی ہیں۔ اور تحلیل و تحریم کے اجتماع کی صورت میں تحریم مقدم ہے پس متعہ حرام ہے۔

جواب / یہ عذر بھی ضعیف ہے / حضرت نعثل بقول عائشہ صدیقہ یعنی عثمان فرماتے ہیں کہ تحلیل اور تحریم کے اجتماع کی صورت میں تحلیل کو مقدم کرنا اولیٰ ہے ثبوت کے لئے تفسیر کبیر میں زیر آیت۔ وان تجمعوا بین الاختین ملاحظہ ہو۔ وکیل صحابہ فخر رازی لکھتا ہے وعن عثمان انہ قال احلتھما آیۃ وحرمتھما آیۃ والتحلیل اولیٰ۔ جناب عثمان فرماتے ہیں کہ جمع الاختین کو ایک آیت نے حلال اور ایک آیت نے حرام فرمایا ہے اور ایسے حالات میں تحلیل کو ترجیح دینا اولیٰ ہے۔ ہم شیعہ کہتے ہیں کہ ابن عباس کے کیس میں بھی تم سنی عثمان کا کہنا مانو اور تحلیل متعہ کو ترجیح دو۔

ابن عباس نے مسئلہ متعہ میں جناب عمرؓ کو زندگی بھر جھٹلایا ہے اور ابن عباس نے متعہ کے حلال ہونے کے فتویٰ سے تے دم تک رجوع نہیں کیا

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ص ۱۴۳ ج ۹
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتح القدیر شرح ہدایہ ص ۱۵۱ ج ۳ نکاح
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک شرح موطا امام مالک ص ۳۲ ج ۹
۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب مرقات شرح مشکوٰۃ ص ۲۲۲ ج ۶ ذکر متعہ
۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب انسان العیون ص ۱۸۲ ج ۲ خیبر کا ذکر
۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تاریخ لابن کثیر شافعی ص ۱۹۳ ج ۴ خیبر
۷۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تحفۃ المحتاج شرح منہاج ص ـ
۸۔ اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص ۱۵۵ ج ۶ النکاح

فتح الباری کی عبارت) وروی عن ابن عباس الرجوع باسانید ضعیفۃ و اجازۃ المتعۃ عنہ اصح وھو مذھب الشیعۃ

جواز متعہ کے فتویٰ سے ابن عباس کا رجوع کرنا ضعیف سند سے مروی ہے اور متعہ کے جائز ہونے کی روایت ابن عباس سے زیادہ صحیح ہے۔

نوٹ۔ یہ فتح الباری ہے جو کہ شاہ عبدالعزیز کی نگاہ میں شرح صحیح بخاری ہے اور اس پر بستان المحدثین گواہ ہے۔

تاریخ ابن کثیر کی عبارت) ومع ھذا ما رجع ابن عباس عما کان یذھب الیہ من اباحتہا۔ ابن عباس کا جو اباحت متعہ کا فتویٰ تھا انہوں نے اس فتویٰ سے رجوع نہیں فرمایا۔

مرقات شرح مشکوٰۃ کی عبارت | فقد ثبت انه مستمر القول علی جوازها
ابن زبیر نے ابن عباس کو طعنہ دیا حلیت متعہ کے فتویٰ کا اور یہ قصہ حضرت علیؓ کی وفات کے بعد ابن زبیر کی خلافت کے دوران ہوا ہے پس ثابت ہوا کہ ابن عباس جواز متعہ کے قول پر آخر تک قائم تھے۔

فتح القدیر شرح ہدایہ کی عبارت | فقد ثبت ان عباس مستمر القول علی جوازها
جواز متعہ پر ابن عباس کا آخر تک قائم رہنا ثابت ہے

وکلاء صحابہ تمہیں تمہاری ماں کے دودھ کا واسطہ انصاف کرو

کتاب المسند کنز العمال کتاب الفضائل باب فضائل صحابہ فضائل ابن عباس ابن خطاب کہ حضرت عمرؓ نے ابن عباس کی شان میں فرمایا ہے انک تنطق من بیت نبوۃ۔ یعنی گواہی دیتا ہوں کہ تو بیت نبوت سے بولتا ہے اور ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ ابن عباس کا عمر کی تحریم متعہ میں مخالفت کرنا اور بلکہ عمر یا دیگر تمام صحابہ کی اس مسئلہ میں مخالفت کرنا اور علانیہ متعہ کو حلال کہنا۔ یہ ابن عباس کا بیت نبوت سے بولنا ثبوت ہے۔ کیا یہ ابن عباس صحابی نہ تھا کیا ابن عباس دشمن اسلام اور مخالف قرآن تھا کیا تمام زندگی میں کوئی روایت نہ مل سکی۔ جس میں متعہ حرام بتایا گیا ہے۔ اگر متعہ زنا ہے تو کیا صحابی ابن عباس تمام زندگی زنا کو حلال جانتا رہا۔ افسوس ابن عباس زندگی بھر متعہ کو حلال کہنے کے باوجود مسلمان رہے۔ اور شیعہ مذہب والے متعہ کو حلال کہنے سے بقول نواصب کے اسلام سے خارج ہو گئے۔

متعہ کے حلال ہونے کی چھٹی دلیل یہ ہے کہ صحابی رسولؐ اللہ عمران بن حصین بھی اسماء بنت ابی بکر کی مانند متعہ کو حلال جانتا تھا

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر ص ۱۹۵ ج ۳ النساء الرازی
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن ج ۲ ص ۵
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک شرح موطا مالک ص ۴۷ ج ۹
۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر ثعلبی ص ازتشیید المطاعن ص ۱۳۹
۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر لابی حیان ص ۲۱۸ ج ۳ النساء
۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب زاد المعاد ص ۲۵۲ ج ۱
۷۔ اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ص ۲۷ ج ۲ کتاب التفسیر
۸۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ص ۱۴۶ ج ۸ کتاب التفسیر
۹۔ اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم ص ۴۰۲ ج ۱ کتاب الحج
۱۰۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی ص ۱۳۳ ج ۵ آیت متعہ

تفسیر قرطبی کی عبارت | ولم یرخص فی نکاح المتعۃ الا عمران بن حصین وابن عباس وطائفۃ من اھل البیت

علامہ قرطبی نے ابوبکر طرطوسی کا فرمان بیان کیا ہے کہ نکاح متعہ میں ابن عباس اور عمران بن حصین نے ہی اجازت دی ہے اور بعض صحابہ اور بعض اہلبیت نے بھی نکاح متعہ کے حلال ہونے کو بیان فرمایا ہے۔

نوٹ۔ اگر متعہ منع ہے اور زنا کی مثل ہے تو عمران جیسے صحابی کو کیا دورہ پڑ گیا تھا کہ وہ نبی پاک کی مخالفت کرتے ہوئے متعہ کو حلال کہتا تھا۔

عمران صحابی نے متعہ کی حلیت کا فتویٰ دیکر جناب عمر کی تکذیب کی ہے

غرائب القرآن کی عبارت | وقیل المراد بہ حکم متعۃ ..... والمتفق اعلیٰ انہا کانت مباحۃ فی اول الاسلام .. وذهب الباقون منهم الشیعة

الی انہا باقیۃ کما کانت ویروی هذا عن ابن عباس و عمران بن حصین ف

اما عمران بن حصین فانه قال نزلت آیۃ المتعۃ فی کتاب اللہ ولم ینزل

بعد ها آیۃ تنسخها وامرنا بها رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وتمتعنا معہ

ومات ولم ینهنا عنہ ثم قال رجل برأیہ ما شاء یرید ان عمر نهی عنہ

ترجمہ: امام اہلسنت علامہ نظام الدین نیشاپوری فرماتے ہیں کہ اہل اسلام کا یہ قول بھی

ہے کہ آیت فما استمتعتم سے مراد حکم نکاح متعہ ہے اور جمہور اہلسنت

کا اس بات پر اتفاق ہے کہ نکاح متعہ ابتدائے اسلام میں حلال تھا،

اور پھر منسوخ ہو گیا۔ اور جمہور کے علاوہ باقی مسلمان اور ان میں شیعہ بھی

شامل ہیں وہ کہتے ہیں کہ متعہ جس طرح حلال تھا اسی طرح اب بھی حلال ہے

اور متعہ کا پہلے کی طرح حلال رہنا ابن عباس اور عمران بن حصین صحابی سے

بھی روایت کیا گیا ہے اور عمران صحابی نے فرمایا ہے کہ کتاب خدا میں آیت متعہ

نازل ہوئی ہے اور اس کے نزول کے بعد کوئی ناسخ آیت اس کی نہیں آئی اور متعہ

کی نبی پاک نے ہمیں اجازت دی ہے اور ہم نے ان کے زمانہ میں متعہ کیا ہے اور

رسول اللہ نے وفات پائی ہے اور ہم کو متعہ سے منع نہیں فرما گئے پھر کہا مرد نے

اپنی مرضی سے جو چاہا عمران کی مراد اس سے ہے کہ عمر نے منع کیا ہے۔

نوٹ: سنی مفسر نے عمران کی تقریر کو آیت متعہ کی تفسیر میں درج کر کے یہ ثابت

کر دیا ہے کہ مراد آیت متعہ سے فما استمتعتم ہے اور سنیت کی رسوائی کے

لئے یہی کافی ہے۔

عمران صحابی نے جواز متعہ کا اعلان فرما کر شیعان علیؑ کی سچائی کا اعلان کر دیا ہے

تفسیر کبیر کی عبارت — واما عمران بن الحصین فانه قال نزلت آیة المتعة فی کتاب الله ولم ینزل بعدها آیة تنسخها وامرنا بها رسول الله ﷺ وتمتعنا بها ومات ولم ینهنا عنه ثم قال رجل برأیه ما شاء۔

ترجمہ ملخص: عمران نے فرمایا کہ آیت متعہ قرآن میں نازل ہوئی ہے اور اس کے بعد اس کی کوئی ناسخ آیت نہیں آئی اور ہم نے اذن رسالتؐ سے متعہ کیا ہے اور نبی کریمؐ نے وفات پائی ہے اور متعہ سے منع بھی نہیں فرمایا اور اس مرد نے اپنی مرضی سے جو چاہا آرڈر دے دیا۔

صحیح بخاری کی عبارت — عن عمران بن حصین قال انزلت آیة المتعة فی کتاب الله ففعلناها مع رسول الله ﷺ ولم ینزل قرآن یحرمه ولم ینه عنه حتی مات قال رجل برأیه ما شاء۔

ترجمہ: عمران کہتا ہے کہ آیت متعہ قرآن میں نازل ہوئی ہے اور ہم نے اس پر حضور پاک کے زمانہ میں عمل کیا ہے اور پھر قرآن میں کوئی آیت نازل نہیں ہوئی جو متعہ کو حرام کرے اور نبی کریمؐ کی وفات ہو گئی ہے اور آنجناب نے بھی منع نہیں فرمایا پھر اپنی مرضی سے مرد نے منع کر دیا۔

نوٹ:- عمران صحابی کی مراد آیت متعہ ہے۔ آیت فما استمتعتم ہے مگر امام بخاری صاحب بڑے محدث ہونے کے باوجود اس جگہ مغالطہ کر گئے۔ اور عمران صحابی کے قول کو سورہ نساء میں لکھنے کی بجائے سورہ بقرہ میں لکھ دیا اور امام رازی اور امام نیشاپوری نے جناب بخاری کی غلطی کی طرف توجہ کرتے ہوئے قول عمران کو سورہ نساء آیت متعہ کی تفسیر میں لکھا ہے۔

احمد ثعلبی کی حسکی توثیق صاحب پاک نے کی ہے وہ بھی شیعوں کی سچائی بیان کرتا ہے

تفسیر ثعلبی ۲ عن عمران بن حصین قال نزلت آیت المتعۃ فی کتاب اللہ کی عبارت ۔ ولم تنزل آیۃ بعدھا تنسخھا فامرنا بھا رسول اللہ وتمتعنا مع رسول اللہ ومات ولم ینھنا عنھا قال رجل بعد برأیہ ما شاء قلت لم یرخص فی نکاح المتعۃ الا عمران بن حصین وعبداللہ بن عباس و بعض اصحابہ وطائفۃ من اھل البیت

ترجمہ۔ عمران صحابی کہتا ہے کہ قرآن پاک میں آیت متعہ نازل ہوئی ہے اور اس کے نزول کے بعد اس کی کوئی ناسخ آیت نہیں آئی اور ہم نے اذن رسالت سے متعہ کیا ہے اور رسول پاک نے وفات فرمائی ہے اور متعہ سے منع نہیں فرمایا اور اپنی مرضی سے وہ مرد آرڈر دیتا رہا ہے اور میں (ثعلبی) کہتا ہوں کہ نکاح متعہ کو عمران بن حصین اور ابن عباس اور اس کے بعض اصحاب نے اور اہل بیت سے ایک جماعت نے ہی حلال کیا ہے۔

اہلسنت کے امام المفسرین کی خواب میں اللہ کا دیدار اور احمد ثعلبی کی توثیق

اہلسنت کی معتبر کتاب طبقات الکبریٰ ج۳ ص۲۴ م عبدالوہاب سبکی۔ احمد ثعلبی ۔

کان اوحد زمانہ فی علم القرآن وتصنیفاتہ الی القاسم القشیری قال رأیت رب العزت فی المنام وھو یخاطبنی واخاطبہ فکان فی اثناء ذالک ان قال الرب جل اسمہ اقبل الرجل الصالح فالتفت فاذا احمد الثعلبی مقبل ۔

ترجمہ امام اہلسنت ثعلبی علم قرآن میں اپنے زمانہ کا سب سے بڑا عالم

تھا امام اہلسنت ابو القاسم القشیری سے منقول ہے کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ میں نے خواب میں رب تعالیٰ کو دیکھا اور وہ مجھ سے اور میں ان سے باتیں کر رہا تھا۔ دوران گفتگو کے دوران رب تعالیٰ نے فرمایا کہ ایک نیک مرد آ رہا ہے۔ پس میں نے دیکھا تو احمد ثعلبی آ رہا تھا۔

نوٹ :۔ رب تعالیٰ کی گواہی کے باوجود اگر احمد ثعلبی کا قول جواز متعہ میں قبول نہیں ہے تو پھر کس کا قول قبول ہو گا اور اگر متعہ زنا ہے اور احمد ثعلبی زنا کی اباحت کی گواہی دیتا ہے تو پھر رب تعالیٰ نے اس کو رجل صالح کا لقب کیوں دیا ہے۔

وکلاء صحابہ کو دیانت اور انصاف کی رو سے دعوت فکر

عمران صحابی کی روایت کو ہم نے پیش کر دیا ہے کہ جس کی وجہ سے کتب اہلسنت میں جواز متعہ کی ایک دلیل ہے۔ اور عمران صحابی کے بارے میں یہ کہنا کہ اس کی مراد متعہ سے متعۃ النساء نہیں ہے۔ بلکہ متعۃ الحج ہے۔ یہ بات درست نہیں ہے کیونکہ عمران صحابی کے قول کو امام رازی، امام ثعلبی، امام نیشاپوری نے متعۃ النساء پر حمل کیا ہے اور اہلسنت بھائیوں کو الزام دینے کے لئے ان تینوں سنی اماموں کا قول کافی ہے اور ان تینوں کو یہ کہنا کہ انہوں نے غلطی کی ہے یہ بھی سنی بھائیوں کی پرانی عادت ہے اور آج تک یہ لوگ سنت عمر پر قائم ہیں اس نے بھی نبی پاکؐ کے حق میں کہہ دیا تھا کہ ان الرجل لیھجر کہ حضور پاکؐ ہذیان سے بول رہے ہیں لہذا آج بھی جب کوئی سنی اپنے کسی عالم کے فرمان کو جھٹلانا چاہتا ہے تو جھٹ کہتا کہ وہ ہذیان بک رہا ہے خلاصۃ الکلام، ابن عباس، عمران بن حصین، اسماء بنت ابی بکر متعہ کو حلال کہتے اور مسلمان بھی رہے۔ بڑے تعجب کی بات ہے کہ زنا کو حلال کہنے والے مسلمان بھی رہیں اور سنیوں کے امام بھی ہیں۔

متعہ کے حلال ہونے کی ساتویں دلیل یہ ہے کہ صحابی رسول حضرت جابر بن عبداللہ بھی اسماء بنت ابی بکر کی طرح متعہ کو حلال جانتا تھا۔

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم ص ۴۹۳ ج ۱ باب المتعہ
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم کی شرح نووی ص [illegible] ج ۱
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب کنز العمال ص ۲۹۳ ج ۸ نکاح متعہ
۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص [illegible] ج ۶ نکاح متعہ
۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب زاد المعاد ص [illegible] ج ۲
۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب شرح موطا الزرقانی ص ۱۵۴ ج ۳
۷۔ اہلسنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک شرح موطا ص ۴۴ ج ۹
۸۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ص ۱۴۲ ج ۹ کتاب النکاح
۹۔ اہلسنت کی معتبر کتاب سنن الکبریٰ ص ۲۰۶ ج ۷ نکاح متعہ

دلیل اول جابر صحابی کے متعہ کو حلال کہنے کی امام مسلم بن حجاج کی گواہی ہے

صحیح مسلم کی ... عن ابن جریج - قال سمعت جابر بن عبداللہ یقول کنا نستمتع بالقبضۃ من التمر والدقیق الایام علی عہد رسول اللہ وابی بکر حتی نہی عنہ عمر فی شان عمرو بن حریث

ترجمہ: امام اہلسنت ابن جریج نے ابو زبیر سے روایت کی ہے کہ وہ کہتا ہے کہ میں نے جابر سے سنا تھا وہ فرما رہے تھے کہ زمانہ رسالت اور زمانہ ابوبکر میں ہم نے چند دنوں کے لیے مٹھی بھر کھجور اور آٹا حق مہر دے کر متعہ کرتے تھے حتی کہ عمر نے عمرو بن حریث کے کیس میں متعہ سے منع کر دیا۔

نوٹ:۔ اگر بقول نواصب کے متعہ زنا ہے تو کیا صحابی رسول حضرت جابر
اعلان فرما رہے ہیں کہ صحابی مٹھی بھر آٹا دے کر زمانہ رسالت اور زمانہ ابو بکر میں
زنا کرتے تھے اور اس زنا سے ابو بکر نے منع نہیں کیا بلکہ عمر نے منع کیا ہے ہم کہتے
ہیں کہ جناب عمر کی ذات مبارک میں کونسی خوبی ہوئی تھی کہ انہوں نے رسول پاک اور
ابو بکر کی مخالفت کرتے ہوئے متعہ کو منع فرما کر بدعت کو رائج کر لیا۔

روایت جابر نے سنی علماء کو حلیت متعہ کی گواہی پر مجبور کر دیا ہے!

زاد المعاد ص۲۰۵ ج۲ - فان قیل فما تصنعون بما رواہ مسلم فی صحیحہ
کی عبارت — عن جابر بن عبد اللہ قال کنا نستمتع بالقبضة من
التمر والدقیق الایام علی عهد رسول اللہ وابی بکر حتی نهی عنها عمر
فی شان عمرو بن حریث وفیما ثبت عن عمر انه قال متعتان کانتا علی
عهد رسول اللہ انا انهی عنهما متعة الحج ومتعة النساء قیل الناس
فی هذا طائفتان طائفة یقول ان عمر هو الذی حرمها ونهی عنها
وقد امر رسول اللہ باتباع ما سنه الخلفاء الراشدون۔

ترجمہ: اگر کہا جائے کہ تم مسلم شریف کی اس روایت کے بارے میں کیا کرو گے کہ جابر کہتا
کہ زمانہ رسالت اور زمانہ ابو بکر میں ہم مٹھی بھر کھجور اور آٹا دے کر چند دنوں تک
متعہ کرتے تھے حتیٰ کہ عمر نے منع کر دیا اور نیز عمر کے متعلق آیا ہے کہ اس نے کہا کہ
زمانہ رسالت میں دو متعے تھے ایک متعۃ النساء اور ایک متعۂ حج ان کو میں حرام کرتا ہوں

مذکورہ سوال کے جواب میں کہا جائے گا۔ متعہ کے مسئلہ میں لوگ دو گروہ
ہیں۔ ایک گروہ یہ کہتا ہے کہ عمر ہی نے متعہ سے منع کیا ہے اور نبی پاک
نے سنت خلفاء کی پیروی کا حکم دیا ہے۔

سنی علماء کا فیصلہ کہ حرمت متعہ بیان کرنے والی روایات صحیح نہیں ہیں

زاد المعاد ص ۲۰۶ ج ۲ کی عبارت

ولم تر هذه الطائفة تصحيح حديث سبرة بن معبد في تحريم المتعة عام الفتح فانه من رواية عبد الملك بن الربيع بن سبرة عن أبيه عن جده وقد تكلم فيه ابن معين ولم ير البخاري اخراج حديثه في صحيحه مع شدة الحاجة اليه وكونه اصلاً من اصول الاسلام ولو صح عنده لم يصبر عن اخراجه والاحتجاج به قالوا ولو صح حديث سبرة لم يخف على ابن مسعود حتى يروي انهم فعلوها ويحتج بالآية وايضاً ولو صح لم يقل عمر انها كانت على عهد رسول الله وانا انهى عنها واعاقب عليها بل كان يقول انه صلى الله عليه وسلم حرمها ونهى عنها قالوا ولو صح لم تفعل على عهد الصديق وهو عهد خلافة النبوة

ترجمہ: تحریم کے ان حرمت متعہ کی خبر دینے والی روایت سبرہ بن معبد کی اہلسنت علماء کے نزدیک صحیح نہیں ہے کیونکہ یہ عبد الملک بن ربیع بن سبرہ کی روایت ہے اور اس میں امام اہلسنت ابن معین نے کلام فرمایا ہے اور یہ حرمت متعہ والی روایت اتنی کمزور ہے کہ امام بخاری نے اس کو اپنی صحیح میں لکھنے کے قابل نہیں سمجھا۔ جبکہ اس کی ضرورت بھی تھی اور صحیح بخاری ایک اصل ہے اصول اسلام میں سے۔ اگر وہ روایت امام بخاری کی نگاہ میں صحیح ہوتی تو وہ اس کو اپنی بخاری میں لکھنے سے پرہیز نہ کرتے جبکہ اس کے لکھنے کی ضرورت بھی تھی اور سنی علماء نے یہ بھی انکشاف کیا ہے کہ اگر حرمت متعہ والی حدیث سبرہ صحیح ہوتی تو عبد اللہ بن مسعود سے پوشیدہ نہ رہتی اور وہ آیت قرآن سے متعہ کے حلال ہونے کا استدلال نہ کرتے۔

اللہ پاک نے سنی علماء کی زبان پہ کلمہ حق جاری فرما دیا کہ اگر شریعت میں متعہ حرام ہوتا تو عمر اس کی منع کو اپنی طرف نسبت نہ دیتا

زاد المعاد جلد 2 صفحہ 206 ولو صح لم یقل عمر انہا کانت علی عہد رسول اللہ
کی عبارت] وانا انہی عنہا و اعاقب علیہا بل کان یقول ان رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم حرمہا و نہی عنہا

ترجمہ: اگر حرمت متعہ والی روایت صحیح ہوتی تو جناب عمر یہ نہ فرماتے کہ متعہ زمانہ رسالت میں تھا اور میں اس کو منع کرتا ہوں اور خلاف ورزی کرنے والے کو سزا دوں گا۔ بلکہ یوں فرماتے کہ نبی پاک نے متعہ منع فرمایا ہے

وکلاء صحابہ تمہیں ماں کے دودھ کا واسطہ انصاف کرو

ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ ہمارے مولا علیؑ کی یہ کرامت ہے کہ جو سنی علماء ہم شیعوں کے خلاف غوغو کرتا خدا تعالیٰ اس کو اپنے ہیر بھائیوں کے ہاتھوں ذلیل اور رسوا کروا تا ہے جو وکلاء صحابہ متعہ کی بات کر کے ہر کی زبان نکال کر اپنے گنجے سر سے لے کر اپنے ٹیڑھے پاؤں تک زور لگا کر ہم شیعوں کے خلاف غلط بیانی کرتے ہیں ان کو اللہ پاک نے اپنے خاص کرم سے اپنے ہیر بھائیوں کے ہاتھوں سے خوب ذلیل کیا ہے اس سے بڑھ کر اور کیا ذلت ہو گی کہ جن روایات کو نسل فاروقی مسئلہ متعہ میں ہمارے خلاف پیش کرتی ہے ان روایات کو خود اہلسنت علماء نے ضعیف اور غیر صحیح قرار دیا ہے اور ہم شیعوں کے اور نادر علماء کے خلاف یہ ایک فتح مبین ہے۔

مخالفین متعہ کے عقیدہ میں ۱۸ سال تک زمانہ رسالت میں اور تمام زمانہ خلافت ابوبکر میں زنا کا کاروبار پورے عروج پر تھا اور صحابہ خوب نفع کماتے تھے

کنز العمال کی عبارت عن جابر قال کنا نستمتع بالقبضة من التمر والدقیق علی عہد النبی و ابی بکر حتی نہی عمر الناس

ترجمہ جناب جابر صحابی رپورٹ دیتے ہیں کہ نبی پاک اور ابوبکر کے زمانہ میں ہم مٹھی بھر آٹا اور کھجور دے کر متعہ کر لیتے تھے حتیٰ کہ عمر نے لوگوں کو متعہ سے منع کر دیا۔

زاد المعاد کی عبارت ج۲ ص۲۰۶ ولو صح لم تفعل علی عہد الصدیق وهو عہد خلافة النبوة اگر حرمت متعہ کی روایات صحیح ہوتی تو یہ متعہ ابوبکر کے زمانہ میں نہ ہوتا جبکہ وہ زمانہ خلافت نبوت کا شمار ہوتا ہے۔

مدارج النبوت کی عبارت ذکر جنگ خیبر میں لکھا ہے کہ متعہ فتح مکہ کے بعد حرام ہوا ہے۔ اور زاد المعاد میں ابن قیم نے یہی مدونہ روایات۔

نوٹ ہماری پیش کردہ حوالجات کتب اہلسنت سے اس بات کا بخوبی ثبوت ہیں کہ آغاز اسلام سے لے کر زمانہ عمر تک متعہ کا کاروبار صحابہ کرام میں نہایت ہی بابرکت تھا جس سنی علماء نے آنکھیں بند کر کے متعہ زنا متعہ زنا لگایا ہوا ہے ان کو دعوت فکر ہے کہ اگر متعہ زنا ہے تو پیغمبر ۱۸ سال تک زمانہ رسالت میں اور خلافت ابوبکر کے تمام زمانہ میں زنا کا کاروبار پورے عروج پر تھا اور خود اسماء بنت ابی بکر نیک بخت خواتین میں سے ہے جس نے اپنی ذات کو اسلام کی ترقی کی خاطر متعہ کیلئے حضرت زبیر صحابی کو پیش کر کے جواز متعہ کو چار چاند لگا دیئے

دوم جابر کے متعہ کو حلال کہنے کی امام ابوبکر بیہقی کی گواہی سے

السنن الکبریٰ کی عبارت | جلد ۷ ص ۲۰۶، اختصار کے پیش نظر ترجمہ حاضر خدمت ہے

امام اہلسنت ابوبکر روایت کرتا ہے کہ راوی نے کہا میں نے جابر سے عرض کیا کہ ابن زبیر متعہ سے منع کرتا ہے اور ابن عباس متعہ کی اجازت دیتا ہے جابر نے فرمایا کہ رسالت مآب اور ابوبکر کے زمانہ میں ہم نے متعہ کیا ہے اور جب عمر صاحب خلیفہ بنے تو انہوں نے خطبہ دیا کہ رسولؐ رسول ہے اور قرآن قرآن ہے اور زمانہ رسول اللہ میں دو متعے تھے اور انا انہی عنہما واعاقب علیہما احدہما متعۃ النساء ولا اقدر علی رجل تزوج امرأۃ الی اجل الا غیبتہ بالحجارۃ والاخری متعۃ الحج

عمر نے کہا میں ان دو متعوں سے منع کرتا ہوں اور خلاف ورزی کرنے والے کو سزا دوں گا ایک متعۃ النساء ہے اور اگر کوئی مرد متعہ کرنے والا میرے قابو میں آگیا تو اس کو پتھروں میں غائب کروں گا۔ دوسرا متعۃ الحج ہے۔

ف، اس روایت میں جابر صحابی نے جواز متعہ کو ابوبکر کے زمانہ میں نقل کیا صحابہ کا متعہ سے لطف اندوز ہونے کا ذکر فرمایا ہے اگر متعہ زمانہ رسالت میں منسوخ ہوگیا تھا تو کیوں یہ صحابہ کرام زمانہ ابوبکر میں متعہ کا لبادہ اوڑھ کر کرتے تھے۔ اور حکومت ابوبکر کو تقویت بخشتے تھے جابر نے جواز متعہ کا فتویٰ دینا اس امر کا کھلا ثبوت ہے کہ ان کے نزدیک متعہ کے منسوخ ہونے کی کوئی اصلیت نہیں ہے اور جناب عمر نے لوگوں کو رعب حکومت سے متعہ سے روکنا اس میں یہ اشارہ ہے کہ وہ اپنی کسی ذاتی ضرورت کی تکمیل کو قانونی بنانے کی خاطر متعہ سے منع فرماتے تھے

جابر صحابی نے جواز متعہ کی روایت بیان کر کے شیعوں کے سچے ہونے کا اعلان کر دیا ہے

اور وکلائے صحابہ میدانِ نزاع میں عاجز آکر بھانت بھانت کی بولیاں بولنے لگے

وکلا صحابہ کا پہلا عذر: متعہ منسوخ ہو گیا تھا اور حضرت جابر اور دیگر صحابہ کو اس کا علم نہ تھا اور حضرت عمر نے متعہ پر پابندی لگا کر نسخ یاد دلا دیا۔

جواب: اس عذر کو خود علمائے اہلسنت نے جھٹلا کر عظمت فاروقی کا جنازہ نکال دیا ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار جلد ۶ ص ۲۷۲ باب نکاح المتعۃ

ولكنه يعكر على ما في حديث سبرة من تحريم مؤبد ما اخرجه مسلم عن جابر قال كنا نستمتع الخ۔ فانه يبعد كل البعد ان يجهل جمع من الصحابة النهي المؤبد الصادر عنه صلى الله عليه وآله وسلم في جمع كثير من الناس ثم يستمرون على ذالك حياته وبعد موته صلى الله عليه وآله وسلم حتى نهاهم عنها عمر

ترجمہ: متعہ کا حرام مؤبد ہونا جو حدیث سبرہ میں آیا ہے اس کو گدلا کر دیتا ہے جو امام مسلم نے جابر صحابی سے نقل کیا ہے۔ جابر کہتا ہے کہ ہم نبی کریمؐ اور ابوبکر کے زمانہ میں متعہ کرتے تھے اور عمر نے منع کیا متعہ کو عمرو بن حریث کے کیس میں امام اہلسنت شوکانی اس جگہ مجبور ہو کر جو فرماتے ہیں کہ یہ بات بعید اور مشکل ہے کہ ایک چیز سے نبی کریمؐ لوگوں کو بڑے مجمع میں منع کریں اور ایک جماعت صحابہ کی اس حکم سے نبی کریمؐ کی زندگی اور وفات کے بعد بھی جاہل رہے اور جناب عمر ان کو منع فرمادیں۔

دوسرا عذر — وکلاء صحابہ کا اگر امام اہلسنت امام مسلم نے اپنی صحیح مسلم میں متعہ کے جائز ہونے کا ذکر صحابہ کرام کی زبانی نقل کیا تو اسی طرح انہوں نے متعہ کے حرام ہونے کا ذکر بھی صحابہ سے نقل کیا ہے اور یہ ان کی دیانت داری ہے اور شیعوں کی نادانی ہے کہ پوری عبارت نہیں پڑھتے۔

جواب: سبحان اللہ صحابہ کرام بھی دو منہ والی ٹھیکری تھے۔

اس عذر کی روشنی میں اہل اسلام میں اختلاف ڈالنے کی اور ان کو آپس میں لڑانے کی ذمہ داری امام مسلم اور صحابہ کرام پر ہے۔ متعہ حلال اور متعہ حرام دونوں روایتیں صحابہ کرام کی ہیں۔ پس اختلاف کی بنیاد صحابہ کرام ہی رکھ گئے تھے۔

جواب: اقرار العقلاء علی انفسہم مقبول۔ اگر کوئی عقلمند ایک مرتبہ کسی قرضے کا اقرار کرے تو پھر سو مرتبہ اگرچہ انکار کرے نہیں سنا جاتا تو جب امام مسلم نے جابر صحابی کی زبانی متعہ کے جواز کا اقرار کر لیا کہ یہ متعہ ابوبکر اور نصف زمانہ عمر تک جائز تھا تو ہم شیعوں کے لئے سنی بھائیوں کو الزام دینے کے لئے یہ کافی ہے۔ اور اگر بعد میں اس نے متعہ کی حرمت کو بیان فرمایا ہے تو ان کی اس روایت کو شیعوں کے خلاف نہیں پیش کیا جا سکتا کیونکہ صحیح مسلم شیعوں کی کتاب نہیں ہے اور مخالف کو اس کے مسلمات سے الزام دیا جاتا ہے اور ہم شیعان علیؑ کی یہ فتح مبین ہے کہ بیچارے وکلاء صحابہ ہمارے مقابلہ میں اس طرح بے بس و بے سہارا ہیں کہ مجبور ہو کر قواعد مناظرہ توڑ رہے ہیں اور شرم و حیاء کو بھی ایک طرف رکھ دیتے ہیں اور اپنی کتابوں کی روایات کو ہمارے خلاف پیش کرتے ہیں وہ کتابیں پیش کرتے ہیں اور ہم جواز متعہ کی خاطر بی بی اسماء بنت ابی بکر پیش کرتے ہیں اور فیصلہ عقلاء پر چھوڑتے ہیں۔

وکلا صحابہ | صحیح مسلم صحاح ستہ سے ہے اور اس میں حرمت متعہ کی احادیث
کا تیسرا عذر | موجود ہیں پس ایک سنی ان کو کیسے چھوڑ سکتا ہے

جواب ۱: کتاب صحیح مسلم بقول ایک سنی امام کے بدعت کی سیڑھی ہے۔ اہلسنت کی
معتبر کتاب الرجال ص مؤلف ملا علی قاری حنفی منقول از استقصاء الافحام
جب مسلم بن حجاج نے اپنی صحیح کو ابوزرعہ رازی کی خدمت میں پیش کیا تو اس
نے کہا سمیتہ الصحیح وجعلتہ سلما للاھل البدع کہ تو نے اس کتاب کا نام صحیح
رکھا ہے اور اس کو بدعت کی سیڑھی بنایا ہے۔

نوٹ: جس کتاب کو خود علماء اہلسنت بدعت کی سیڑھی قرار دیں اس کی روایات
کو شیعوں کے خلاف پیش کرنا سنی علماء کی نادانی ہے اور یا کوئی خاص مجبوری ہے۔

جواب ۲: ابن تیمیہ نے اپنی منہاج میں حضرت علیؑ کی امامت کی ادلہ میں سے جو دسویں
دلیل کے جواب میں فرمایا ہے کہ ھذا من افراد المسلم۔ والبخاری اعرض عنہ
کہ یہ روایت بیان کرنے میں مسلم تنہا ہے اور بخاری نے اس روایت سے اعراض کیا ہے
نوٹ: ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ جو روایات مسلم نے حرمت متعہ کے بارے
نقل کی ہیں مسلم ان کی روایت کرنے میں تنہا ہے اور بخاری نے ان سے اعراض کیا
ہے پس بقول ابن تیمیہ وہ روایات مشکوک ہیں پس حرمت متعہ مشکوک ہے اور
زمانہ رسالت میں متعہ کا حلال ہونا یقینی ہے۔ اور عقلمند امر مشکوک کو چھوڑ کر
امر یقینی کو لیتا ہے۔ ہر شخص کو مرنا ہے اور خدا کو جواب دینا ہے۔ نبی اکرمؐ کے
بعد صحابہ کرام متعہ فرماتے رہے ہیں۔ بقول سنی علماء کے متعہ تو زنا ہے۔ ہم شیعہ
خیر البریہ کہتے ہیں کہ جب اصحاب خود متعہ کرتے تھے تو کیا وہ زنا فرماتے
تھے اگر متعہ کنجری بازی ہے تو کیا اصحاب کرام کنجری بازی سے دل
بہلاتے تھے۔

مسلم شریف کی وہ روایات کہ جن سے حرمت متعہ ظاہر ہوتی ہے ان کے راویوں کے جھوٹے ہونے کا سنی علماء نے خود اقرار فرمایا ہے۔

مسلم شریف کی پہلی روایت کا راوی عبد الواحد بن زیاد ہے اور کتاب اہلسنت میزان الاعتدال میں لکھا کہ لیس بشئ کہ جھوٹے ہونے کے باعث وہ کچھ بھی نہیں تھا اور روایت ۲ میں حرمت کی تصریح نہیں ہے اور حدیث ۳ کا راوی بشر بن مفضل ہے اور یہ عثمانی اور ناصبی تھا اس کے دل میں بغض آل رسول تھا جو کہ قبول روایت میں رکاوٹ اور سی روایت میں رکاوٹ اور اسی روایت کا ایک دوسرا راوی عمارہ بن غزیہ ہے اور ذہبی نے اپنی کتاب مغنی میں لکھا کہ ابن حزم نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے اور مسلم شریف کی روایت نمبر ۴ کا راوی عمارہ بن غزیہ ہے جو کہ ضعیف ہے۔ اور روایت ۵ و ۶ کے اسناد میں عبد العزیز بن عمر ہے۔ ذہبی نے مغنی میں لکھا ہے کہ اس راوی کو ابو مسہر نے ضعیف کیا ہے۔ اور مسلم کی روایت ۷ کے اسناد میں ابراہیم بن سعد ہے اور کتاب اہلسنت میزان الاعتدال میں اس کی تضعیف منقول ہے۔ اسی طرح مسلم کی دوسری روایات جو متعہ کے منع کرنے پر دلالت کرتی ہیں۔ ان کے اسناد میں زہری جیسے بے ضمیر درباری چمچے موجود ہیں۔

خلاصہ حرمت متعہ ثابت کرنے کے لئے اپنے ہی مذہب کی جھوٹی کتابوں کی جھوٹی روایات کو سنی علماء کا ہمارے سامنے پیش کرنا یہ ان کی نادانی ہے اور قواعد مناظرہ سے ان کی ناواقفیت ہے۔

امام اہلسنت امام مسلم نے اپنی صحیح میں حلیت متعہ کی روایت جابر صحابی سے نقل کر کے اپنے آپ کو اور اپنے خانہ ساز مذہب کو جھٹلایا ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم ص۴۵۳ جلد۱ باب نکاح المتعہ

ابن جریج قال قال عطاء قدم جابر بن عبد اللہ معتمرا فجئناہ فی منزلہ فسألہ القوم عن اشیاء ثم ذکروا المتعہ فقال نعم استمتعنا علی عہد رسول اللہ وابی بکر و عمر۔

ترجمہ:۔ امام اہلسنت حضرت عطاء صاحب فرماتے ہیں کہ صحابی رسول اللہؐ حضرت جابر عمرہ کی خاطر تشریف لائے اور ہم ان کی قیام گاہ پہنچے قوم نے ان سے متعہ کے بارے سوال کیا۔ جابر نے فرمایا کہ ہاں زمانہ رسالت میں اور زمانہ ابوبکر و عمر میں ہم نے متعہ کیا ہے۔

نوٹ:۔ کتاب اہلسنت تہذیب التہذیب میں عسقلانی نے لکھا کہ عطاء کہتا ہے کہ عثمان کی خلافت سے صرف دو سال رہ گئے تھے کہ میری ولادت ہوئی اسی بیان سے معلوم ہوا کہ عمر کی وفات کے بعد بھی مسئلہ متعہ میں جابر عمر کو جھٹلاتے رہے ہیں اور تعجب ہے کہ ناسخ متعہ جابر کو معلوم نہ ہوا۔ اور کل الناس افقہ من عمر حتی المخدرات فی الحجال کے مصداق کو معلوم ہو گیا۔

خلاصہ:۔ اس روایت سے مسلم نے اپنے آپ کو اور جابر نے عمر کو مسئلہ حرمت متعہ میں جھٹلایا ہے۔ بقول سنی علماء کے اگر متعہ زنا ہے تو کیا زمانہ رسالت اور زمانہ ابوبکر و عمر میں صحابہ متعہ کے بہانے زنا کرتے رہے ہیں۔

معاذ اللہ

صحابی کا یہ کہنا کہ ہم زمانہ رسالت میں یہ کام اس طرح کرتے تھے یہ قول صحابی سنی علماء کے نزدیک حدیث مرفوع کا حکم رکھتا ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری جلد ۹ صفحہ ۲۴۴ کتاب النکاح باب العزل

اہلسنت کی معتبر کتاب نخبۃ الفکر صفحہ ۔۔۔ مؤلف ابن حجر

اہلسنت کی معتبر کتاب شرح منہاج الوصول صفحہ ۔۔۔ محمد بن الامام مالک علیہ

اہلسنت کی معتبر کتاب المواہب لدنیہ صفحہ ۔۔۔ ورزکریا باحث لمحرم تحلیل

فتح الباری کی عبارت ملاحظہ ہو: والمسئلۃ المشہورۃ فی الاصول وفی علم الحدیث وھی ان الصحابی اذا اضافہ الی زمن النبی کان لہ حکم الرفع عند الاکثر لان الظاہر ان النبی اطلع علی ذالک واقرہ ۔

ترجمہ :- علم حدیث اور علم اصول کا یہ مسئلہ مشہور ہے کہ جب صحابی کسی اپنے فعل کو زمانہ رسالت کی طرف نسبت دیتا ہے تو اس قول صحابی کو حدیث مرفوع کا حکم حاصل ہوتا ہے اور یہ مسلک اکثر علماء اہلسنت کا ہے کیونکہ اس قول صحابی سے یہ ظاہر ہوتا کہ نبی کریم کو ان کے اس فعل کا علم تھا اور آنجناب نے تقریر فرمائی ہے ۔

نوٹ :- اس مذکورہ بیان کے بعد یہ ثابت ہو گیا کہ جابر کا یہ کہنا کہ زمانہ رسالت میں ہم متعہ کرتے تھے یہ قول جابر جواز متعہ کے بارے حدیث مرفوع کا حکم رکھتا ہے اور اگر متعہ زنا ہے تو کیا اہلسنت کے نزدیک جواز زنا کے بارے حدیث مرفوع آئی ہے کیونکہ بقول جابر متعہ ابوبکر کے زمانے میں جاری تھا تو ابوبکر کے زمانہ میں زنا جاری تھا۔

اہلسنت علماء کا فیصلہ کہ کسی صحابی کیلئے جائز نہیں ہے کہ وہ کسی حکم منسوخ کے بارے میں پوچھے کہ خلافت ابوبکرؓ اور عمرؓ کے وقت وہ حکم باقی تھا

اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم کی شرح نووی، ص باب طلاق الثلاث

لم یبلغ الراوی ان یحقیق والحکم فی خلافۃ ابی بکر و بعض خلافۃ عمر۔

علامہ نووی فرماتے ہیں کہ جب کوئی حکم زمانہ رسالت میں منسوخ ہو گیا پھر تو کسی صحابی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ خبر دے کہ یہ حکم ابوبکرؓ کی تمام خلافت کے زمانہ میں اور عمرؓ کے بعض زمانہ خلافت میں باقی تھا۔

نوٹ: جابر بن عبداللہ صحابی ہے اور بقول سنی علماء کے صحابی بے ایمانی نہیں کرتا ہے اگر متعہ زمانہ رسالت میں منسوخ ہوتا تو جابر یہ خبر نہ دیتے کہ وہ زمانہ ابوبکر و عمر میں متعہ کرتے تھے معلوم ہوا کہ جابر کی نگاہ میں متعہ کو حرام کرنے میں عمر غلطی پر تھے

نوٹ: بقول رازی کے جب عمر نے متعہ حرام کیا تو اگر متعہ حرام نہیں تھا تو صحابہ خاموش کیوں رہے اس طرح کی خاموشی سے صحابہ کا کفر لازم آتا ہے۔ اور ہم شیعہ اثنا عشریہ یہ کہتے ہیں کہ جابر نے جب حرمت متعہ کے اعلان عمر کو باطل کہا اور فرمایا کہ یہ متعہ تو ابوبکر اور عمر کے زمانے میں ہم کرتے رہے ہیں میں جابر کے اس اعلان کے بعد صحابہ خاموش کیوں رہے ہیں۔ اگر متعہ حرام تھا تو صحابہ کی خاموشی سے ان کا کفر لازم آتا ہے۔ نیز جابر بھی حدیث نجوم کی روشنی میں ایک ستارہ ہے اور بایہم اقتدیتم اھتدیتم کی رو سے حلیت متعہ میں جابر صحابی کی پیروی کرنی بھی ہدایت ہی ہدایت ہے۔

متعہ کے حلال ہونے کی آٹھویں دلیل عبداللہ بن مسعود بھی اسماء بنت ابی بکر کی مانند متعہ کو حلال جانتے تھے۔

اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری ص کتاب النکاح باب
اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم ص۴۵۱ ج۱ نکاح متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ص۱۱۸ ج۹ ب متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم کی شرح نووی ص
اہلسنت کی معتبر کتاب زاد المعاد ص۲۰۵ ج۲ ب اجازۃ متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب مرقات شرح مشکوۃ ص۲۱۹ ج۶ ب متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب موطا شرح زرقانی ص۱۵۴ ج۳
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور ص۳۰۷ ج۲

بخاری شریف کی عبارت } باب ما یکرہ من التبتل والخصاء۔ قال عبداللہ کنا نغزو مع رسول اللہ ولیس لنا شیء فقلنا الا نستخصی فنہانا عن ذالک ثم رخص لنا ان ننکح المراۃ بالثوب ثم قرأ علینا یا ایہا الذین آمنوا لا تحرموا طیبات ما احل اللہ لکم ولا تعتدوا ان اللہ لا یحب المعتدین

ترجمہ: عبداللہ بن مسعود صحابی کہتا ہے کہ ہم نبی کریمؐ کے ساتھ جہاد کے لئے جاتے تھے اور ہمارے لئے عورتیں نہیں تھی پس ہم نے عرض کیا کہ یا نبی اللہ کیا ہم اپنے آپ کو خصی نہیں کر سکتے پس نبی کریمؐ نے ہم کو اپنے آپ کو خصی کرنے سے منع کیا پھر ہم کو اجازت دی کہ ہم کسی عورت کے ساتھ ایک کپڑے کے عوض میں نکاح متعہ کر سکتے ہیں پھر ابن مسعود نے اس آیت کو تلاوت کیا کہ ایمان والو جن طیبات کو اللہ نے حلال کیا ہے ان کو حرام نہ کرو۔

فتح الباری کی عبارت قولہ لان ننکح المرأۃ بالثوب ای الی اجل فی نکاح المتعۃ ۔۔۔ وقولہ واستشہاد ابن مسعود بہذہ الآیۃ هنا یشعر بانہ کان یری بجواز المتعۃ

ترجمہ۔ غرض ابن مسعود کی یہ ہے کہ ہمیں نبی کریمؐ نے اجازت دی کہ ہم ایک مدت معین تک نکاح متعہ کر لیں اور ابن مسعود کا مذکورہ آیت کو اس مقام میں بطور شاہد پڑھنا اس طرف رہنمائی کرتا ہے کہ ابن مسعود نکاح متعہ کو جائز جانتا تھا۔

ابن مسعود کا متعہ کو جائز سمجھنا صحیحین سے ثابت ہو گیا

جب مسلم اور بخاری میں کوئی حدیث آجاتی ہے تو اس حدیث کی سند سے اہلسنت میں بحث ختم ہو جاتی ہے پس ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ صحابی رسولؐ اللہ عبداللہ بن مسعود نے بقول امام اہلسنت بخاری اور مسلم کے جواز متعہ کو نبی کریمؐ سے نقل کیا ہے اور ناسخ کا ذکر بھی نہیں کیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ عمر نے متعہ سے منع کیا ہے نبی کریمؐ نے متعہ سے منع نہیں کیا اور قسطلانی شارح بخاری نے اپنی کتاب ارشاد الساری شرح بخاری میں لکھا ہے کہ ابن مسعود ابن عباس کی مانند متعہ کو حلال جانتا تھا اور ہم شیعہ کہتے ہیں کہ حوالہ جات گذر چکے ہیں کہ ابن عباس حرمت متعہ میں عمر کو تمام زندگی جھٹلاتے رہے ہیں اور حلیت متعہ سے آخری دم تک رجوع نہیں کیا ہے پس اسی طرح ابن مسعود بھی عمر کو اپنی تمام عمر جھٹلاتے رہے (دیکھیں حوالہ جات گذر چکے ہیں) کہ یہ ابن مسعود آیت میں الی اجل مسمی پڑھتا تھا اس سے بھی معلوم ہوا کہ ابن مسعود متعہ کو حلال جانتا تھا۔

متعہ کے حلال ہونے کی نویں دلیل کہ صحابی رسول اللہ ابو سعید خدری بھی اسما بنت ابو بکر کی مانند نکاح متعہ کو حلال جانتا تھا

اہلسنت کی معتبر کتاب کنز العمال ص ــــ باب نکاح متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ص ـــ باب نکاح المتعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب موطا کی شرح زرقانی ص ـــ نکاح متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص ـــ نکاح متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک شرح موطا امام مالک ص ـــ ذ متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری شرح بخاری ص ـــ ب غزوہ خیبر
کنز العمال عن ابی سعید قال کنا نتمتع علی عہد رسول اللہ بالثوب -
کی عبارت ہم زمانہ رسالت میں کپڑا دے کر بھی متعہ کر لیتے تھے -

اگر متعہ کنجری بازی ہے تو صحابہ کرام کیا کنجری بازی کرتے تھے

ارباب انصاف وہ مولانا صاحبان جو کہ اہلسنت بھائیوں کے پڑھے لکھے طبقے میں نہ تین میں ہیں اور نہ ہی تیرہ میں وہ بھی ہمارے لئے مالک مفتی بن بیٹھے ہیں اگز بھر کی زبان نکال کر اپنے لعنت زدہ گنجے سر سے لے کر لیتے ٹھنڈے پاؤں تک زور لگا کر کہتے ہیں کہ متعہ زنا ہے ہم شیعہ خیر البریہ ان کو توجہ دلاتے ہیں کہ بقول تمہارے اگر متعہ زنا ہے تو یہ متعہ ابو بکر کی بیٹی اسما نے کیا ہے - عبداللہ بن مسعود اور ابو سعید خدری اور جابر بن عبداللہ جیسے صحابہ کرام نے متعہ کیا - کیا صحابہ کرام اس وقت میں کنجری کرتے تھے - یا وہ زنا کار تھے -

متعہ کے حلال ہونے کی دسویں دلیل کہ معاویہ بھی اسماء بنت ابوبکر کی طرح متعہ کو نبیؐ کے بعد بھی حلال جانتا رہا۔

اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری جلد ۹ صفحہ ۱۴۳ باب نکاح متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب شرح الزرقانی جلد ۳ صفحہ ۱۵۴ باب متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک شرح موطا جلد ۹ صفحہ ۴۰۳ متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار جلد ۶ صفحہ ۱۵۴ متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب مصنف عبدالرزاق جلد ۷ صفحہ ۴۹۹ باب متعہ۔

اوجز المسالک کی عبارت } وقال ابن حزم ثبت علی اباحتها بعد رسول اللہؐ ابن مسعود ومعاویة وابو سعید وابن عباس وسلمة ومعبد ابنا امیہ بن خلف وجابر وعمرو بن حریث

امام اہلسنت ابن حزم کہتا ہے کہ نبی کریمؐ کے بعد بھی جو لوگ متعہ کو مباح سمجھتے تھے یہ اصحاب ہیں ۱۔ عبداللہ بن مسعود ۲۔ معاویہ بن ہند ۳۔ ابو سعید خدری ۴۔ عبداللہ بن عباس ۵۔ سلمہ ۶۔ اور معبد امیہ بن خلف کے بیٹے ۷۔ جابر بن عبداللہ انصاری ۸۔ اور عمرو بن حریث

نیل الاوطار کی عبارت } وقد ثبت علی تحلیلها بعد رسول اللہؐ من الصحابة جماعة مثل اسماء بنت ابی بکر وجابر بن عبداللہ وابن مسعود وابن عباس ومعاویة وعمرو بن حریث وابو سعید وسلمة ومعبد ابنا امیة بن خلف ورواه جابر عن الصحابة مدة رسول اللہؐ ومدة ابی بکر ومدة عمر الی قرب آخر خلافته۔

نبی کریم کی ایک سالی اور ایک سالا دونوں نے خود متعہ کیا ہے۔

ترجمہ:۔ نبی کریمؐ کے صحابہ کرام سے جو لوگ آنجناب کے بعد بھی متعہ کو حلال جانتے تھے وہ یہ ہستیاں ہیں ۱۔ بی بی اسماء بیٹی ابوبکر کی عائشہ کی بہن ہیں اور نبی کریم کی سالی ۲۔ اور معاویہ جو بقول اہلسنت کے نبی کریم کا سالا تھا ۳۔ جابر بن عبداللہ انصاری ۴۔ عبداللہ بن مسعود ۵۔ عبداللہ بن عباس ۶۔ عمرو بن حریث ۷۔ ابوسعید ۸۔ سلمہ دونوں بیٹے امیہ بن خلف کے

موطا شرح زرقانی | ثبت الجواز من جمیع من الصحابۃ کما بروا بن مسعود ومعاویہ واسماء بنت ابی بکر وابن عباس

جن صحابہ سے متعہ کا جواز ثابت ہوا ہے وہ یہ ہیں اسماء بیٹی ابوبکر کی اور معاویہ بیٹا ہندہ کا وغیرہ۔

نوٹ:۔ ارباب انصاف جن لوگوں کے مبارک نام ذکر ہوئے ہیں اور یہ لوگ متعہ کو حلال جانتے تھے اور نبی کریمؐ کا زمانہ گزر جانے کے بعد حلال جانتے تھے اگر متعہ زنا ہے تو کیا نبی کریمؐ کی سالی اور سالا اور دیگر صحابہ کرام زنا کو حلال جانتے تھے اور صرف بات حلال سمجھنے کی نہیں ہے۔ نبی کریمؐ کی سالی ابوبکر کی بیٹی اور عائشہ کی بہن اسماء نے خود متعہ فرما کر متعہ سے ایک بیٹا جنا ہے اور نبی کریمؐ کا سالا اور اہلسنت کا پانچواں امام حضرت معاویہ صاحب نے بھی خود متعہ فرمایا ہے اور اس داشتہ یعنی ممتوعہ کو اپنی حکومت کے زمانہ میں وظیفہ دیتا رہا ہے اور بیت المال کو متعہ کی لذتوں پہ خرچ کرتا رہا ہے۔۔۔

معاویہ کی متوعہ کا نام معانہ تھا اور معاویہ اس کو بیت المال سے متعہ کی وجہ سے وظیفہ دے کر اپنے مریدوں کو رسوا کرتا رہا

مصنف عبدالرزاق کی عبارت ← ان معاویۃ بن ابی سفیان استمتع مقدمۃ الطائف علی ثقیف بمولاۃ ابن الحضرمی یقال لہا معانۃ قال جابر ثم ادرکت معانۃ خلافۃ معاویۃ حیۃ - فکان معاویۃ یرسل الیہا بجائزۃ کل عام حتی ماتت

جب معاویہ طائف میں آیا تو اس نے ابن الحضرمی کی ایک معانہ نامی کنیز سے متعہ کیا اور جابر نے کہا ہے کہ یہ معانہ وہ خوش نصیب ہے جس نے معاویہ کے زمانہ حکومت تک زندگی کو پایا ہے اور معاویہ اپنی اس متوعہ کو ہر سال وظیفہ دیتا تھا حتی کہ وہ مر گئی۔

فتح الباری کی عبارت ← ان معاویۃ استمتع بامرأۃ بالطائف واسنادہ صحیح

معاویہ نے طائف میں ایک عورت سے متعہ کیا اس خبر کی سند صحیح ہے

نوٹ:۔ ارباب انصاف ان روایات کو جب اہل سنت اپنی کتابوں میں دیکھتے ہیں تو ان کے جگر پھٹ جاتے ہیں کیونکہ یہ تمام روایات اس امر کی گواہی دیتی ہیں کہ صحابہ کرام نبی کریم کے زمانہ کے بعد متعہ کو حلال سمجھ کر متعہ کرتے رہے ہیں اور صحابہ کے اس متعہ سے دو باتیں ثابت ہوتی ہیں۔ یا تو صحابہ کرام زنا کرتے تھے اور یا عمر صاحب متعہ کو منع کرنے میں غلطی پر تھے اور سنی علماء اس محاذ میں بڑے مجبور اور بے بس ہیں۔

متعہ کے حلال ہونے کی گیارہویں دلیل یہ ہے کہ امیر المومنین علیؑ بن ابی طالب نے عمر کے متعہ کو حرام کرنے کی مذمت فرمائی ہے۔

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر در منثور ج ۲ ص ۱۴۰ آیت متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر غرائب القرآن ج ۳ ص ۶
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر طبری ج ۵ ص ۹
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کبیر لرازی ج ۳ ص ۱۹۵
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر لابی حیان ج ۳ ص ۲۱۸
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر ثعلبی ص ـــ
اہلسنت کی معتبر کتاب کنز العمال ج ۸ ص ۲۹۴
اہلسنت کی معتبر کتاب المصنف لعبد الرزاق ج ۷ ص ۵۰۰

تفسیر در منثور میں ہے واخرج عبد الرزاق وابو داود فی ناسخہ وابن جریر
کی عبارت } عن الحکم انہ سئل عن هذه الآية أمنسوخة قال لا وقال علي عليه السلام لولا ان عمر نهى عن المتعة ما زنى الا شقي۔

علامہ سیوطی بسند معانی نقل فرماتے ہیں کہ حکم سے سوال ہوا کہ کیا آیت متعہ منسوخ ہوئی ہے۔ اس نے کہا کہ نہیں اور حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ اگر عمر صاحب نے نکاح متعہ منع نہ کیا ہوتا تو بغیر کسی شقی بدبخت کے کوئی شخص بھی زنا نہ کرتا۔

نوٹ: حضرت علیؑ نے قیامت تک ہونے والے زنا کا ذمہ دار حضرت عمر کو قرار دیا۔ اور اتنے زنا جس کے نامہ اعمال میں ہوں وہ ابو شخص ہی ہو سکتا ہے۔

حضرت علیؑ کا عمر کو قیامت تک ہونے والے زنا کا ذمہ دار قرار دینا

تفسیر کبیر۔ وروی محمد بن جریر الطبری فی تفسیرہ عن علی ابن ابیطالب

کی عبارت انہ قال لولا ان عمر نہی الناس عن المتعۃ ما زنی الا شقی۔

اور محمد بن جریر طبری نے روایت کی ہے اپنی تفسیر میں کہ امام علی بن ابیطالب علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر عمر متعہ سے منع نہ کرتا تو بغیر کسی بدبخت کے اور کوئی شخص زنا نہ کرتا

نوٹ :- المصنف لعبد الرزاق میں لکھا ہے کہ حضرت علیؑ نے مذکورہ مذمت جناب عمر کی کوفہ میں فرمائی تھی پس معلوم ہوا کہ زمانہ رسالت میں حضرت علیؑ کی نگاہ میں متعہ منسوخ نہیں ہوا تھا ورنہ بچارے عمر صاحب پر تنقید کا کوئی مطلب نہ تھا نیز حضرت علیؑ کی نگاہ میں عمر کا متعہ سے منع کرنا یہ عمر کی ذاتی رائے تھی۔ شریعت کا اس کے ساتھ کوئی تعلق نہ تھا۔ اور چونکہ عمر صاحب نے مسئلہ متعہ میں خدا اور رسولؐ سے اختلاف کیا تھا حضرت علیؑ نے خدا اور رسولؐ کی خاطر عمر کی مذمت فرمائی ہے اور عمر کی رائے سے اختلاف فرمایا ہے اور امام رازی نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے کہ جب حضرت علیؑ کسی کے ساتھ کسی مسئلہ میں اختلاف فرما دیں تو حق علیؑ کے ساتھ ہے کیونکہ فرمان رسولؐ ہے کہ علی مع الحق ہمیشہ علیؑ حق کے ساتھ ہے اور اہلسنت کتابوں میں جو لکھا ہے کہ حضرت علیؑ نے متعہ سے منع کیا ہے۔ اس کو مذکورہ حوالہ جات جھٹلا رہے ہیں۔ اور سنی اپنی روایات مناظرہ میں الزام کی خاطر ہمارے سامنے پیش نہیں فرما سکتے۔

حلیت متعہ کی بارہویں دلیل کہ عبداللہ بن عباس کے اصحاب بھی اسماء بنت ابی بکر کی طرح متعہ کو حلال جانتے تھے

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری شرح بخاری ص۱۴۳ ج۹ ت نکاح

۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری شرح بخاری ص۲۱ باب خوخیبر

۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک ص۴۴ ج۹

۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص۱۵۳ ج۶ ذکر متعہ

۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب شرح زرقانی علی موطا ص۱۵۴ ج۳

۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب المحلی لابن حزم ص

۷۔ اہلسنت کی معتبر کتاب مرأۃ الزمان ص

فتح الباری کی عبارت: قال ابن عبد البر اصحاب ابن عباس من اهل مكة واليمن على اباحتها ... وقال ابن حزم ثبت على اباحتها بعد رسول الله ابن مسعود ومعاوية وابو سعيد وابن عباس

ترجمہ:۔ اہلسنت کا امام ابن عبد البر فرماتا ہے کہ اہل مکہ اور یمن سے جو اصحاب ابن عباس ہیں وہ متعہ کے مباح ہونے پر قائم ہیں اور ابن حزم کہتا ہے کہ نبی پاک کے بعد یہ لوگ متعہ کے حلال ہونے پر قائم رہے تھے عبداللہ بن مسعود اور معاویہ اور ابو سعید و ابن عباس

عمدۃ القاری کی عبارت: اما الصحابة فانهم اختلفوا فی نکاح المتعة فذهب ابن عباس الی اجازتها وتحليلها لاخلاف عنه فی ذالك وعليه اكثر اصحابه منهم عطاء بن ابی رباح وسعيد بن جبير وطاوس۔

ترجمہ:- نکاح متعہ کے بارے اصحاب کا اختلاف ہے۔ ابن عباس متعہ کو جائز اور حلال جانتے تھے اور اسی طرح متعہ کو اصحاب ابن عباس بھی حلال جانتے تھے اور ان اصحاب میں سے ہیں۔ عطا بن ابی رباح اور سعید بن جبیر اور طاوس۔

شرح زرقانی کی عبارت ← قال ابن عبد اللہ اصحابہ من اھل مکۃ والیمن یرون حلالا۔ مکہ اور یمن سے اصحاب ابن عباس متعہ کو حلال جانتے تھے بقول علامہ ابن عبد البر کے۔

نیل الاوطار کی عبارت ← وقال من التابعین طاوس وعطاء وسعید بن جبیر وسائر فقہاء مکۃ۔ تابعین سے یہ لوگ متعہ کو حلال جانتے تھے طاؤس اور عطاء بن ابی رباح اور سعید بن جبیر۔

ابن عباس بمع اپنے اصحاب کے متعہ کو حلال سمجھ کر بھی مسلمان رہ گیا

اربابِ انصاف:- مگر بقول علماء اہل سنت کے سب اصحاب ہدایت کے ستارے ہیں اور علماء کا اختلاف مسائل دینیہ میں امت کے لئے رحمت ہے اور اسلام کا ہر مفتی صحیح فتویٰ دیتا ہے تو ہم ہر مسلمان بھائی کو دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر سوال کرتے ہیں کہ ابن عباس صحابی رسول اللہ ہے اور اس کے اصحاب اور تابعین علماء اسلام ہیں اور یہ سب لوگ متعہ کو حلال جانتے تھے پس معلوم ہوا کہ متعہ حلال ہے زنا نہیں ہے۔

مجوزین متعہ ابن جبیر طاؤس اور عطا کے فضائل

اہلسنت کی معتبر کتاب تہذیب الاسماء مصنفہ علامہ نووی

قال سعید بن جبیر هو الامام الجلیل الوحید ابو عبد اللہ کان من کبار الائمۃ التابعین و قال بواب الحجاج قال رأیت رأس ابن جبیر بعد ما سقط الی الارض یقول لا الہ الا اللہ

حضرت نووی فرماتے ہیں کہ ابو عبداللہ سعید بن جبیر بلند پایہ اماموں میں سے تھا اور حجاج کا دربان کہتا ہے کہ جب قتل کے بعد سعید کا سر زمین پر گرا تو میں نے سنا کہ اس سر نے کلمہ توحید لا الہ الا اللہ پڑھا تھا اور علامہ نووی نے طاؤس بن کیسان الیمانی کے بارے لکھا ہے ۔
ھو من کبار العلماء الفضلاء الصالحین کہ حضرت طاؤس بزرگ علماء سے اور فضلاء سے اور صالحین سے تھا اور واتفقوا علی جلالتہ وفضیلتہ و ثقتہ وجلالت وحفظہ

ترجمہ :- اور طاؤس بن کیسان کے جلیل القدر اور صاحب فضیلت اور نیک اور حافظ حدیث ہونے پر سب سنیوں کا اتفاق ہے ۔

اور علامہ نووی نے اپنی کتاب تہذیب الاسماء میں عطاء بن ابی رباح کے بارے لکھا ہے کہ واتفقوا علی توثیقہ وامامتہ کہ اہلسنت کا عطا کے ثقہ اور امام ہونے پر اتفاق ہے ہم شیعہ خیر البریہ یہ کہتے ہیں کہ سعید بن جبیر اور عطاء اور طاؤس فضیلت میں یہ تینوں اصحاب ثلاثہ سے کسی طرح کم نہیں تھا اگر نبی کریم کے بعد متعہ زنا بن گیا ہے تو یہ تینوں سنیوں کے امام کیا معاذ اللہ زنا کے حلال ہونے کا فتوی دیتے تھے ۔

متعہ کے حلال ہونے کی تیرہویں دلیل امام اہل سنت

ابن جریج نے ستر عورتوں سے متعہ فرما کر روح عمر کو ثواب پہنچایا ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری شرح بخاری ص۱۷۲ ج۹ باب متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب المغنی لابن قدامہ ص۵۷۰ ج۶
اہلسنت کی معتبر کتاب میزان الاعتدال ص۱۵۹ ج۲
اہلسنت کی معتبر کتاب تہذیب التہذیب ص۴۰۶ ج۶

تہذیب:- قال الشافعی استمتع ابن جریج بسبعین امرأۃ
کی عبارت کہ شافعی نے کہا ہے کہ ابن جریج نے ۷۰ عورت سے متعہ کیا۔
میزان الاعتدال:- عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج احد الاعلام
کی عبارت:- الثقات مع کونہ قد تزوج نحو من سبعین
امرأۃ نکاح المتعۃ کان یری الرخصۃ فی ذالک

ترجمہ:- امام اہلسنت علامہ ذہبی فرماتے ہیں کہ عبدالملک بن جریج
ان بڑے علماء اہلسنت میں سے ہیں جو ثقہ اور معتبر ہیں اور اس کے ثقہ علماء ہونے
کے ساتھ ساتھ اس نے ستر عورت سے نکاح متعہ بھی فرمایا ہے
اور وہ متعہ کو حلال سمجھتا تھا۔

نوٹ:- اگر متعہ زمانہ رسالت کے بعد زنا تھا اور اس کی حلیت منسوخ
ہوگئی تھی تو اہلسنت کے اس امام نے جو تابعین میں سے ہے ستر عورت
سے متعہ کس طرح کیا بلکہ اس نے تو زنا کیا اور جو شخص حلال سمجھ کر ستر عورت
سے زنا کرے وہ کیا ثقہ اور معتبر کس طرح ہو سکتا ہے۔

متعہ کے حلال ہونے کی چودہویں دلیل سعید بن جبیر نے مکہ شریف میں ایک عراقی عورت سے متعہ فرما کر روح عمر کو ثواب پہنچایا

اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ص ۱۴۱ ج ۹ ذکر متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب المصنف لعبدالرزاق ص ۴۹۶ ج ۷
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر لابن کثیر ص ۴۷۴ ج ۱ آیت متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر فتح القدیر ص ۴۴۹ آیت متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر لابی حیان الاندلسی ص ۲۱۸ ج ۳
اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص ۱۵۵ ج ۶ ذکر متعہ

فتح الباری کی عبارت: قال ابن حزم ثبت علی اباحتها بعد رسول اللہ ابن مسعود ومعاویۃ وابوسعید ومن التابعین طاؤس و سعید بن جبیر و عطاء و سائر فقہاء مکۃ

ابن حزم نے کہا ہے کہ نبی کریم کے بعد جو لوگ متعہ کو حلال سمجھنے پر قائم رہے ہیں وہ یہ بزرگ وار ہیں ابن مسعود اور معاویہ اور ابوسعید اور ابن عباس اور سلمہ و معبد امیہ بن خلف کے بیٹے اور جابر اور عمرو بن حریث اور جابر نے ابوبکر اور عمر کے زمانہ میں صحابہ سے متعہ کی حلیت کو نقل کیا ہے اور تابعین میں سے فقہاء مکہ اور طاؤس اور سعید بن جبیر اور عطا نے متعہ کو حلال سمجھا ہے۔ صاحب فتح الباری فرماتے ہیں کہ ابن حزم نے جن تابعین سے حلیت متعہ کو نقل کیا یہ عبدالرزاق کے نزدیک صحیح اسناد سے ثابت ہے۔

تفسیر ابن کثیر ۔ وکان ابن عباس وابی بن کعب وسعید بن جبیر والسدی
کی عبارت ۔ یقرؤن فما استمتعتم بہ منہن الی اجل مسمی
فآتوہن اجورہن فریضۃ وقال مجاہد نزلت فی نکاح المتعۃ ۔
ترجمہ ۔ ابن عباس اور ابی بن کعب اور سعید بن جبیر اور سدی آیت متعہ
میں الی اجل پڑھتے تھے ۔ یہ اجل کا لفظ متعہ پر دلالت کرتا ہے اور
مجاہد کہتا ہے کہ یہ آیت نکاح متعہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے ۔
المصنف لعبد الرزاق کی عبارت ملاحظہ } عن عبد اللہ بن عثمان بن خثیم قال کانت بمکۃ امرأۃ عراقیۃ تنسک جمیلۃ لہا ابن
یقال لہ ابو امیۃ وکان سعید بن جبیر یکثر الدخول علیہا قال قلت
یا ابا عبد اللہ ما اکثر ما تدخل علی ہذہ المرأۃ قال انا قد نکحتہا
ذالک النکاح المتعۃ قال واخبرنی ان سعیدا قال لہ ہی احل من
شرب الماء ۔ المتعۃ
ترجمہ ۔ راوی کہتا ہے کہ مکہ شریف میں ایک خوبصورت عراقی
عورت رہتی تھی اور سعید بن جبیر کا اس کے پاس تشریف لانا
زیادہ تھا ۔ راوی کہتا ہے کہ میں نے پوچھا کہ جناب کا اس عورت کے
پاس زیادہ تشریف لاتا ہے اس نے کہا کہ ہم نے اس عورت سے نکاح
متعہ کیا ہوا ہے اور یہ نکاح متعہ پانی پینے سے بھی زیادہ حلال ہے
نوٹ :- ارباب انصاف اگر زمانہ رسالت کے بعد متعہ
منع ہو گیا ہے اور یہ مثل زنا ہے تو کیا یہ امام اہلسنت
زنا کرتا تھا ۔

اہل حجاز نے عورتوں سے متعہ اور لواطہ کو حلال کر کے فتویٰ کی دنیا میں اپنا نام روشن فرمایا ہے

اے ارباب انصاف! ہم اس طرف بھی توجہ فرمائیں کہ مکہ اور مدینہ
وہ شہر ہیں جو کہ صحابہ اور صحابیات کی مہربانی سے عورتوں سے
متعہ اور لواطہ کے گڑھ رہے تھے اور انہی دونوں شہروں ہی سے
سب سے پہلے شریعت کے سورج نے روشنی دینا شروع کی
ہے۔ اور ہم شیعہ خیرالبریہ کہتے ہیں کہ بقول نواصب کے اگر متعہ
زنا ہے تو زمانہ رسالت کے بعد صحابہ کرام کو کیا مجبوری لاحق تھی کہ
حرمین شریفین میں خود امام الحرمین نے اس زنا کو حلال سمجھ رکھا تھا
اور صرف حلال ہی نہیں مفتی اعظم فقیہ مکہ ابن جریج نے ستر
عورتوں سے متعہ فرما کر اسماء بنت ابی بکر کی طرح اس مسئلہ
پر عمل فرما کر روح عمر کو قبر میں بے چین کر دیا ہے اہل مکہ اور صدیقی
خاندان کے کردار سے یہ معلوم ہو گیا کہ متعہ شریعت اسلامیہ میں نہ
منسوخ ہوا ہے اور نہ ہی حرام ہے اور حضرت عمرؓ نے حرمت متعہ کا اعلان
فرما کر اپنے آپ ہی کو الجھا دیا ہے اور جب صحابہ کرام نے ان کے خلاف ثابت کیا ہے تو خود اہل مکہ
کے مفتی اعظم اور فقیہ ابن جریج کا زنا کار ہونا ثابت ہوتا ہے اور
اس حرام میں کئی امام نواصب پھنسے اور مبتلا ہیں۔

سنی علماء کا فیصلہ کہ اگر ایک سنی مفتی ایک چیز کو حلال کہتا ہے اور دوسرا حرام کہتا ہے تو وہ دونوں ایکدوسرے کو جھٹلاتے ہیں حق پر ہیں

اہلسنت کی معتبر کتاب کشف الظنون ص چلپی ذکر موطا
اہلسنت کی معتبر کتاب المیزان الکبری ص۳۰ از عبدالوہاب شعرانی
اہلسنت کی معتبر کتاب رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمہ ص۲
اہلسنت کی معتبر کتاب جزیل المواہب فی اختلاف المذاہب
اہلسنت کی معتبر کتاب مرقاۃ الاتحف ص از سیوطی
اہلسنت کی معتبر کتاب الحلیہ ص از ابونعیم

میزان الکبریٰ ص۳ ان سائر ائمۃ المسلمین علی ہدی من ربھم
کی عبارت [وان کل مجتہد مصیب ص۲۱ وکذالک الحجۃ عبد البر
کان یقول کل مجتہد مصیب فاما ان یکون خطا او حقا

ترجمہ: اہلسنت کے تمام امام اپنے رب کی طرف سے حق پر ہیں اور
ان کا ہر مجتہد درست فرماتا ہے خواہ دونوں فتوے دیں یا عمل کریں

رحمت الامۃ [فا ختلفوا فی طلب الحق وکان اختلافھم رحمۃ
کی عبارت [للخلق یعنی علماء نے طلب حق میں اختلاف کیا ہے اور
دینا میں = ان علماء کا ایک دوسرے کو جھٹلانا اور اختلاف کرنا
مخلوق کے لئے رحمت ہے

نوٹ: اہلسنت نے اپنے جھوٹے اماموں کے فراڈ پر پردہ ڈالنے کے
لئے یہ ہتھکنڈہ بنایا ہے کہ ان کا ہر مجتہد دوسرے مجتہد کو جھٹلا کر
بھی برحق ہے اور ان کی دینی مسائل میں جنگ مخلوق کیلئے رحمت ہے

اصحاب اگرچہ ایک دوسرے کو جھٹلائیں تو بھی سچے ہیں

کشف الظنون کی عبارت ج۲ ص ذکر موطا میں کاتب چلپی لکھتا ہے
فان اصحاب محمد رسول اللہ تفرقوا فی الفروع ولتفرقوا فی البلدان وکل مصیب ملخص

ابو نعیم نے اپنی کتاب حلیہ میں لکھا ہے کہ حضرت مالک بن انس فرماتے ہیں کہ ہارون رشید نے مجھ سے مشورہ کیا کہ تمہاری کتاب موطا کو کعبہ میں رکھا جائے اور لوگوں کو اس پر عمل کرنے کے لئے تیار کیا جائے۔ مالک فرماتے ہیں کہ میں نے کہا ایسا نہ کریں کیونکہ اصحاب رسولؐ نے دینی مسائل میں خود اختلاف کیا ہے۔ اور اس اختلاف کو ہر شہر میں پہنچایا ہے اور وہ ایک دوسرے کو جھٹلانے میں مصیب اور حق پر ہیں۔

روضۃ الانف کی عبارت فیکون من اجتہد فی مسئلۃ فادّاہ اجتہادہ الی تحلیل مصیبا فی استحلالہا وآخر اجتہد فاداہ اجتہادہ ونظرہ الی تحریمہا مصیبا فی تحریمہا

ترجمہ: جو شخص امام اجتہاد کرے اور اس کا اجتہاد اس کو کسی شئی کے حلال ہونے تک پہنچا دے وہ حق پر ہے اور اگر دوسرا امام اسی شئی میں اجتہاد کرے اور اس کا اجتہاد اس کو اسی شئی کے حرام ہونے تک پہنچا دے تو وہ بھی حق پر ہے۔ نوٹ: یعنی اگر ایک امام شئی کو ایک حلال فرماتا ہے جیسا اسی چیز کو سنیوں کا دوسرا امام حرام فرماتا ہے تو دونوں حق پر ہیں گویا سنیوں کا عقیدہ جمع بین الضدین پر ہے باوجودیکہ یہ متناقض نہیں ہے۔

اہلسنت کے بڑے بڑے پوپ پالوں کا فیصلہ کہ اہلسنت علما کا ہر غلط فتویٰ بھی درست اور صحیح ہے۔

تنزیل المواہب کی عبارت: کل المجتہدین علی ہدی وکلہم علی حق ولا ینسب الی احد منہم تخطیۃ

ہر سنی مجتہد ہدایت پر ہے اور حق پر ہے اور کسی بھی سنی مجتہد کو یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ خطا پر ہے اور اس کا فتویٰ غلط ہے۔

ان اختلاف العلماء رحمۃ من اللہ علی ہذہ الامۃ فمن تبع ما صح عندہ فہو علی ہدی وکل یرید اللہ

سنی علماء جو ایک دوسرے کے خلاف کفر کے فتوے دیتے ہیں اور آپس میں اختلاف کرتے ہیں یہ اس امت کیلئے رحمت ہے ہر سنی ملاں ہدایت پر ہے اور ہر ایک اللہ کا ارادہ کرتا ہے۔

اختلاف مذاہب اس امت کیلئے بہت بڑی فضیلت اور نعمت ہے

تنزیل المواہب کی عبارت: فی اختلاف المذاہب فی ہذہ الامۃ خصیصۃ فاضلۃ — مذہبوں کا اختلاف اس امت میں ایک خاص فضیلت ہے

فصل اعلم ان اختلاف المذاہب فی ہذہ الامۃ نعمۃ کبیرۃ وفضیلۃ عظیمۃ ولہ سر لطیف ادرکہ العالمون وعمی عنہ الجاہلون

جان تو کہ اس امت میں مذہبوں کا اختلاف ایک بڑی نعمت ہے اور ایک بڑی عظمت والی فضیلت ہے اور اس اختلاف میں ایک راز ہے جس کو عالم جانتے ہیں اور جاہل اس کی معرفت سے دل کے اندھے ہیں۔

علمائے اسلام کو دیانت اور انصاف کی رو سے دعوتِ فکر

اہل اسلام کی مایہ ناز کتابیں گواہ ہیں کہ فرقۂ فاروقی نے ہر مسئلے میں بھانت بھانت کے فتوے دیئے ہیں اور اہل سنت علماء اور امام اپنی اپنی ڈفلی اور اپنا اپنا راگ پیش فرماتے رہتے ہیں اور اس چیز کا نتیجہ ہے کہ اہلسنت پانچ ایسے فرقوں میں بٹ گئے جو ایک دوسرے کو کافر کہنا اپنے لئے سعادت اور فخر سمجھتے ہیں اور پھر ایک تیجڑی اور دوسری سہ زوری کے مصداق یہ منطق فرماتے ہیں کہ دین اسلام کے احکام میں جس طرح بھی ہم بھانت بھانت کے فتوے لکھیں یہ سب حق ہے اور یہی شریعت ہے اور یہ اختلاف عین رحمت ہے اور ہم شیعہ خیر البریہ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ اختلاف رحمت نہیں ہے بلکہ اس مسئلے کے گستاخوں پر ایک لعنت ہے۔

مسئلہ متعہ میں بھی فتوؤں کا اختلاف رحمت ہے

امر بالانصاف: اس رسالے میں پیش کئے گئے حوالہ جات اس بات کے گواہ ہیں کہ اہلسنت کے کئی بزرگ متعہ کو حلال سمجھتے تھے اور یہ بات صرف حلال حکم ہی نہیں ہے بلکہ جناب ابوبکرؓ کی ایک بیٹی جناب اسماء نامی نے اہل اسلام کی بھلائی کی خاطر خود بذاتِ متعہ فرما کر عظمتِ متعہ کو چار چاند لگا دیئے ہیں اور جناب عبداللہ بن عباس اور جابر بن عبداللہ انصاری اور جناب عمران بن حصین اور معاویہ بن سفیان جیسے اہلسنت کے مفتیوں نے متعہ حلال ہونے کا فتویٰ دیکر اور دوسرے مجتہدوں سے اختلاف کر کے ثابت کر دیا ہے کہ جب ہر اختلاف رحمت ہے تو متعہ میں اختلاف بہت بڑی رحمت ہے۔

متعہ کے حلال ہونے کی سولہویں دلیل سلمہ بن امیہ نے ام اراکہ سے متعہ فرما کر سنت ابی بکر کی سنت کو زندہ کیا ہے

۱- اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری ص۱۷۲ ج۹ باب متعہ
۲- اہلسنت کی معتبر کتاب اوجز المسالک ص۳۴۳ ج۹
۳- اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار ص۱۵۳ ج۶ باب متعہ
۴- اہلسنت کی معتبر کتاب جمہرۃ انساب العرب لابن حزم۔
۵- اہلسنت کی معتبر کتاب المصنف لعبد الرزاق ص۴۹۸ ج۷
۶- اہلسنت کی معتبر کتاب المحلی لابن حزم ص۵۲۰ ج۹

فتح الباری کی عبارت - وفی روایۃ عبد الرزاق بسند صحیح عن عمرو بن دینار عن طاؤس عن ابن عباس قال لم یرع عمر الا ام اراکۃ قد خرجت حبلی فسألها فقالت استمتع بی سلمۃ بن امیۃ

ترجمہ: سند صحیح سے آیا ہے کہ ابن عباس نے کہا ہے کہ عمر نے صرف ام اراکہ کی رعایت فرمائی وہ حاملہ تھی عمر نے پوچھا تو اس نے صاف صاف بتا دیا کہ سلمہ بن امیہ نے اس کے ساتھ متعہ کیا ہے۔

جمہرۃ انساب کی عبارت ص۱۲۰ ج۲ - فولد سلمۃ بن امیۃ معبد بن سلمۃ امہ ام اراکۃ نکحہا سلمۃ نکاح متعۃ فی عہد عمر او فی عہد ابی بکر فولد منہا معبد۔

ترجمہ: سلمہ کا بیٹا معبد ہے۔ معبد کی ماں ام اراکہ تھی۔ سلمہ نے اس کے ساتھ نکاح متعہ کیا تھا۔ اور یہ متعہ ابو بکر یا عمر کے زمانہ میں ہوا۔

متعہ کے حلال ہونے کی ۷۰ ویں دلیل، اہل یمن نے حضرت عمر کی مخالفت اور ابن عباس کی موافقت کرتے ہوئے متعہ کے حلال ہونے کا اعلان کیا ہے

اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری صفحہ ۱۷۳ جزو ۹ ذ متعہ
اہلسنت کی معتبر کتاب نیل الاوطار صفحہ ۱۴۵ جز ۶

فتح الباری کی عبارت { قال ابن عبد البر اصحاب ابن عباس من اهل مكة واليمن على اباحتها۔

ترجمہ: ابن عبد البر فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن عباس کے یمنی اصحاب اور مکی اصحاب متعہ کے حلال ہونے پر ڈٹے ہوئے تھے۔

نوٹ: مکہ مدینہ اور یمن یہ علاقے اہل اسلام کے خاص مرکز ہیں اور ان علاقوں کے علماء جب کسی شئی کے حلال ہونے کا فتویٰ دیں تو ظاہر ہے یہی سمجھا جائے گا کہ اس شئی کو حلال سمجھنے کی شریعت پاک میں گنجائش ہے ہم شیعہ خیر البریہ اپنے سنی بھائیوں کی توجہ اور دیانت کا ان کو واسطہ دے کر سوال کرتے ہیں کہ اگر بقول آپ کے متعہ زنا ہے تو ان مکہ اور یمن کے مسلمانوں کو کیا مجبوری تھی کہ انہوں نے سنی ہونے کے باوجود اپنے خلیفہ نمبر ۲ حضرت کی مخالفت کی۔ اور متعہ کو حلال قرار دیا۔ اگر کسی سنی نے متعہ حرام قرار دیا ہے تو ہم کہتے ہیں کہ اس نے اس فتویٰ میں خطا کی ہے اور اس مسئلہ میں سنی علماء کا آپس کا اختلاف دوسرے معنی میں جوتوں میں دال بٹنا ہے۔

حلیت متعہ کی ۱۸ ویں دلیل امام مالک سنی نے متعہ کے حلال ہونے کا فتویٰ دیکر ابوبکر کی بیٹی کی لاج رکھ لی ہے

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتاویٰ قاضی خان ج ۱/۱۲۵ ۔ کتاب النکاح فصل ہذا

۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب الھدایہ ج ۱/۲۱۳ محرمات۔

۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری صفحہ ۱۷۱ جزو ۹ ذکر متعہ

۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب مبسوط ص از شمس الائمہ سرخسی

۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تبیان الحقائق شرح کنز الدقائق ص

۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب رمز الحقائق شرح کنز الدقائق ص

۷۔ اہلسنت کی معتبر کتاب خزانۃ الروایات ص از قاضی جگن

۸۔ اہلسنت کی معتبر کتاب کافی ص کتاب نکاح

۹۔ اہلسنت کی معتبر کتاب عنایہ شرح ہدایہ ص از اکمل الدین

۱۰۔ اہلسنت کی معتبر کتاب حدائق الانوار شرح مشارق الانوار

۱۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب شرح وقایہ ص از علامہ الیاس۔

۱۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب شرح وقایہ ص از ابو المکارم

۱۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتاویٰ تاتارخانیہ از عالم بن العلاء

۱۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب سراج وہاج شرح مختصر قدوری۔

۱۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتاویٰ ظہیریہ ص۔ از ظہیر الدین

۱۶۔ اہلسنت کی معتبر کتاب رسالہ رد شیعہ ص از یوسف بحور

۱۷۔ اہلسنت کی معتبر کتاب جذب القلوب ص چھپا ظہیر از شاہ عبدالحق

۱۸۔ اہلسنت کی معتبر کتاب شرح مقاصد ص ــ مطاعن عمر
۱۹۔ اہلسنت کی معتبر کتاب جامع الرموز شرح مختصر وقایہ
۲۰۔ اہلسنت کی معتبر کتاب کنز الدقائق ص ــ از ابوالبرکات
۲۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب مختصر مالکی ص ــ از امام مالک
۲۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ ص ــ کید ۳۱
۲۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تاریخ بدایونی ص
۲۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب النموذج اللبیب فی خصائص الحبیب
۲۵۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تاریخ فرشتہ فارسی ص ۲ ج ۱

الھدایہ کی عبارت: ونکاح المتعہ باطل عندنا وقال مالک ھو جائز لانہ کان مباحا فیبقی الی ان یظہر ناسخہ۔

ترجمہ:۔ اور نکاح متعہ ہمارے نزدیک باطل ہے اور امام مالک کے نزدیک متعہ جائز ہے دلیل ان کی یہ ہے کہ متعہ حلال اور مباح تھا لہذا یہ جواز باقی رہے گا ناسخ کے ظہور تک۔

نوٹ:۔ کتاب اہلسنت کشف الظنون چلپی میں ہدایہ شریف کی تعریف جہاں لکھا ہے کہ یہ کتاب مثل قرآن ہے اور ہم شیعہ خیرالبریہ کہتے ہیں کہ قرآن پاک میں جس طرح غلطی نہیں ہے اسی طرح صاحب ہدایہ نے امام مالک سے جواز متعہ کے نقل کرنے میں کوئی خطا اور غلطی نہیں کی ہے اور شیعہ سنی علماء نے صاحب ہدایہ پر اس فتویٰ کے نقل کرنے میں خطا کا بہتان باندھا ہے۔ وہ بچارے خود خطا پر ہیں۔ صاحب ہدایہ کا فقہ میں وہی مقام ہے جو ابوبکر کا خلفاء میں ہے۔

فتاویٰ قاضی خاں | ولا ینعقد النکاح بلفظ متعۃ وھی باطلۃ عندنا الا تقید بالقول فی قول ابن عباس ومالک

ترجمہ: لفظ متعہ سے نکاح نہیں ہو سکتا اور یہ متعہ باطل ہے مفید حلیت نہیں ہے اس میں ابن عباس اور امام مالک کا اختلاف ہے۔ ان کے نزدیک یہ مفید حلیت ہے۔

مبسوط کی عبارت | شمس الائمہ سرخسی فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے متعہ کو حلال کیا تھا اور یہ متعہ ہمارے نزدیک باطل ہے اور امام مالک بن انس کے نزدیک جائز ہے۔

فتح الباری کی عبارت | قال ابن دقیق ما حکاہ بعض الحنفیۃ عن مالک من الجواز خطاء۔ ابن دقیق کہتا ہے کہ امام مالک سے جو بعض حنفیہ نے متعہ کا جواز نقل کیا ہے یہ ان کی غلطی ہے لوٹ غلطا اس لئے ہے کہ اس طرح حق ظاہر ہوتا ہے۔

تبیان الحقائق کی عبارت | وقال مالک ھو جائز لانہ کان مشروعا فیبقی الی ان یظہر ناسخہ

ترجمہ: امام مالک فرماتے ہیں کہ متعہ جائز ہے کیونکہ وہ شریعت کا حکم تھا اور جب تک اس کا ناسخ نہ آئے گا وہ باقی رہے گا

رمز الحقائق کی عبارت | وقال مالک ھو جائز لانہ کان مشروعا

مالک کے نزدیک متعہ جائز ہے کیونکہ وہ شریعت کا حکم ہے

[illegible] الروایات | وقال مالک ھو جائز لان ابن عباس کان یبیحھا

امام مالک کے نزدیک متعہ جائز ہے کیونکہ ابن عباس کے نزدیک متعہ حلال تھا۔

سنی اہلحدیثوں کے عقیدہ میں متعہ حلال ہے

علامہ وحید الزمان فرماتے ہیں کہ حرمت متعہ کے بارے ہمارے بعض اصحاب اہلحدیث نے اختلاف کیا ہے اور انہوں نے متعہ کو جائز قرار دیا ہے کیونکہ متعہ شریعت میں جائز اور ثابت تھا اور اس کے جواز کا ذکر آیت ۲۴ سورۃ نساء میں ہے اور یہ آیت متعہ کے مباح ہونے پر صراحت کے ساتھ دلالت کرتی ہے پس متعہ کی اباحت یقینی ہے کیونکہ اس پر اجماع ہے اور تحریم ظنی اور گمان ہے اور دلیل یقینی کو گمان نہیں توڑ سکتا۔

کچھ لوگ سواد اعظم سے بھی متعہ کو غیر منسوخ اور حلال مانتے ہیں

غرائب القرآن، المتعۃ علی انہا کانت مباحۃ فی اول الاسلام ثم
کی عبارت ہے: السواد الاعظم من الامۃ علی انہا صارت منسوخۃ وذہب الباقون ومنہم الشیعۃ الی انہا ثابتۃ کما کانت ویروی ہذا عن ابن عباس۔

ترجمہ: اہل اسلام کا متعہ کے حلال ہونے پر اتفاق ہے شروع اسلام میں۔ پھر سواد اعظم فرماتے ہیں کہ متعہ منسوخ ہے اور ان کے علاوہ دوسرے علماء جو باقی ہیں اور ان میں شیعہ بھی شامل ہیں ان کے عقیدہ میں متعہ جس طرح حلال تھا اب بھی اسی طرح حلال ہے اور یہ عقیدہ صحابی رسول اللہ ابن عباس اور حضرت عمران بن حصین سے بھی مروی ہے۔

مودودی امیر جماعت اسلامی متعہ کو جائز جانتے تھے

سابق امیر جماعت اسلامی جناب ابوالاعلیٰ مودودی صاحب
نے اپنی تفسیر تفہیم القرآن کے زیر عنوان ترجمان القرآن، اردو اگست
۱۹۵۵ء کے شمارہ میں سورۃ مومنون کی آیت اِلَّا عَلٰٓی اَزْوَاجِهِمْ
اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ کی تفسیر میں لکھا ہے کہ۔

"متعہ کا جب ذکر کیا ہے تو مناسب معلوم ہوتا ہے کہ
دو باتوں کی اور توضیح کر دی جائے۔

(۱) یہ کہ متعہ کو حرام قرار دینے یا مطلقاً مباح ٹھہرانے میں
سنیوں اور شیعوں کے درمیان جو اختلاف پایا جاتا ہے اس
میں بحث و مناظرہ نے بے جا شدت پیدا کر دی ہے ورنہ امر حق
معلوم کرنا کچھ مشکل نہیں۔ انسان کو بسا اوقات ایسے حالات
سے سابقہ پیش آجاتا ہے جن میں نکاح ممکن نہیں ہوتا اور وہ
زنا یا متعہ میں سے کسی ایک کو اختیار کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے
ایسے حالات میں زنا کی بہ نسبت متعہ کر لینا بہتر ہے۔

نوٹ: ارباب انصاف، محترم مودودی صاحب نے ترجمان میں جو کچھ لکھا
ہے وہ آپ نے ملاحظہ کر لیا مگر اپنی تفسیر تفہیم القرآن میں خوب قلابازیاں
کھائی ہیں اور متعہ پر اس انداز میں تنقید فرمائی ہے کہ وہ تنقید بجائے
شیعوں کے خدا اور رسول پر جا رہی ہے کیونکہ متعہ کو خدا اور رسول نے
حلال کیا ہے اور اگر ذات متعہ میں کسی قسم کی بھی قباحت و برائی یا بے حیائی
ہے تو اس کو خدا اور رسول نے حلال اور مباح اور جائز ہی کیوں فرمایا ہے

متعہ کے حلال ہونے کی ۲۹ ویں دلیل کہ حنابلہ کے سردار امام احمد بن حنبل بھی متعہ کو حلال جانتے تھے۔

اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر ابن کثیر ج۱ ص۴۷۴ النساء آیت ۲۴
اہلسنت کی معتبر کتاب البدایہ والنہایہ ص۱۹۱ ج۴ تفسیر
ابن کثیر قد روی عن ابن عباس وطائفة من الصحابة اباحتها
کی عبارت للضرورة وهو رواية عن الامام احمد

جناب ابن عباس اور صحابہ کرام کی ایک جماعت سے نکاح متعہ کا حلال ہونا روایت کیا گیا ہے اور امام احمد سے بھی متعہ کی حلیت مروی ہے

البدایہ کی عبارت یہ ہے: وقد حکی عن الامام احمد رواية کمذهب ابن عباس ... وحکاه بعض من صنف نقل روایة اخری عن الامام احمد بمثل ذالک

جس طرح مذہب ابن عباس یہ ہے کہ متعہ حلال ہے اسی طرح امام احمد سے متعہ کے حلال ہونے کی حکایت ہے۔

نوٹ:- امام احمد صاحب حضرت امام مالک کی طرح اہلسنت بھائیوں کی فقہ کا مجتہد ہے اور امام مالک کی طرح متعہ کو حلال جانتا تھا اور ابن عباس اور صحابہ کرام بھی متعہ کو حلال جانتے تھے لہٰذا اگر متعہ بے حیائی اور بے شرمی ہے اور زنا کا دوسرا نام ہے تو خدا و رسول نے اس زنا کو چند دن تک کیوں حلال فرمایا تھا۔ خدا و رسول کے کلام کو صحابہ نے سمجھا اور متعہ کیا ہے اور آج سنی بھائیوں کا حلالہ کو مستحب سمجھنا اور متعہ کو حرام کہنا ان کی بے انصافی ہے۔

متعہ کے حلال ہونے کی ۱۲ ویں دلیل یہ ہے کہ حضرت عمر کا بیٹا عبداللہ بھی متعہ کو حلال جانتا تھا اور عمر کی مخالفت کرتا تھا!

اہلسنت کی معتبر کتاب مسند الامام احمد ص۹۵ جلد ۲ حدیث ۵۶۹۴

ان رجلا سال عبداللہ بن عمر عن متعۃ النساء و انا عندہ فغضب وقال واللہ ما کنا علی عہد رسول اللہ ﷺ زانین ولا مسافحین ۔

راوی فرماتا ہے کہ میں بھی حاضر تھا اور ایک شخص نے جناب ابن عمر خلیفہ زادے سے متعۃ النساء کے بارے سوال کیا۔ ابن عمر غضبناک ہوئے اور فرمایا کہ ہم لوگ رسول اللہ کے زمانے میں زناکار نہیں تھے

نوٹ معلوم ہوا کہ ابن عمر متعہ کو حلال جانتے تھے اور نسخ کے قائل نہ تھے

اعتراض: ابن عمر نے متعہ کو حرام بھی فرمایا ہے۔

جواب: یہ سفید جھوٹ ہے کیونکہ کسی کو کوئی بیان دینا اور کسی کو کوئی بیان دینا یہ صحابہ کرام کے زیبا نہیں ہے یہ کام غیر ذمہ دار لوگوں کا ہے۔

اعتراض: قلیل مقدار صحابہ متعہ کو حلال جانتے تھے۔

جواب: الحق حق وان قل ناصرہ والباطل باطل وان کثر ناصرہ حق ۔ حق ہے اگرچہ اس کو ماننے والے اور اس کی مدد کرنے والے تعداد میں کم ہوں اور باطل باطل ہے اگرچہ اس کے مددگار زیادہ ہوں

نوٹ: ارباب انصاف ۔ ہماری ان اکیس عدد دلیل کے بعد صاحب تحفہ شاہ عبدالعزیز کا یہ دعویٰ جھوٹا ثابت ہو گیا کہ سوائے آیت فما استمتعتم کے متعہ کے حلال ہونے کی شیعوں کے پاس اور کوئی دلیل نہیں ہے۔

قرآن و سنت سے منہ پھیر کر متعہ کو حرام کہنے والوں کے دلائل

دلیل اول: کتاب المتعہ تحقیقاتی تشریح صفحہ ۱۶ باب پنجم
ماخذ ہو [احکام فقہیہ از کوئی عقلمند اہل متعہ میں غور کرے گا، تو جان لے گا کہ اس غلط نکاح میں کتنی برائیاں ہیں۔ اور وہ حکم الٰہی اور شریعت پاک سے ٹکراتی ہیں۔ اس کے بعد صاحب تحفہ نے پورے صفحے اسی قسم کے خرافات سے اپنے نامۂ اعمال کی طرح سیاہ کئے ہیں، اور خلاصہ اس دلیل کا اور اسی قسم کی دوسری دلیل کا یہ ہے کہ بالکل متعہ کی حلیت سے انکار کرنا حتیٰ آغاز اسلام میں چند روز تک اس کے جواز سے انکار کرنا۔ اور تمسخر اور مذاق کے عنوان سے متعہ کو ایک بری شکل میں پیش کرنا اور لوگوں کو اس نکاح شرعی سے نفرت دلانا مثلاً بعض نے اپنے رسالہ جات میں کچھ سنی علماء نے نکاح متعہ کے بارے اس طرح بھی بدزبانی فرمائی ہے

رسالہ حرمت متعہ صفحہ ۱۲-۱۳ از معصوم شاہ میں لکھا ہے۔

متعہ کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہر عورت رنڈی اور ہر بستی چکلہ ہو گی ۱۲ اور سوسائٹی میں میری اور تیری کی قید اٹھ جائے گی ۱۲ جواز متعہ کے بعد کون ہے جو اپنی نو سینرہ لڑکی کو چھپا رہے۔ شیعہ لوگ کوئی بھی دلیل متعہ پیش نہیں کر سکتے۔

دہلوی کذاب نے متعہ سے انکار کر کے قرآن و حدیث کو جھٹلایا ہے اور اپنے منحوس چہرے پر بے ایمانی کا غازہ لگایا ہے

ہم نے اسی رسالہ میں صـ ۱۷ سے دو کتب اہل سنت سے ثابت کیا ہے کہ سورہ نساء کی آیت ۲۴ فما استمتعتم متعہ کی حلیت کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ قرطبی سنی نے اور صاحب فتح القدیر نے اور ابن کثیر دمشقی نے صاف لکھا ہے کہ اس آیت سے مراد نکاح متعہ ہے جو کہ ابتداء اور عہد اسلام میں جائز تھا۔ پس دہلوی کذاب نے متعہ سے بالکل بغیر کسی تفصیل کے انکار کر کے اپنے مذہب کے ۲ علماء کو جھٹلایا ہے اور قرآن حکیم کو ٹھکرایا ہے اور بخاری شریف طبع دہلی صفحہ ۷۶۷ میں جابر صحابی سے روایت لکھی ہے کہ ہمیں نبی کریم کی طرف سے ایک صحابی نے کہا کہ ان النبی قد اذن لکم ان تستمتعوا کہ تم کو رسول پاک نے متعہ کی اجازت دی ہے۔ اور یہی روایت صحیح مسلم میں بھی موجود ہے۔ اور حوالہ جات گذرے ہیں کہ حضرت ابوبکر کی بیٹی اسماء نے متعہ کر کے ایک بیٹا بھی جنا ہے۔ ہم شیعہ خیر البریہ اولاد حلالہ سے سوال کرتے ہیں کہ بقول تمہارے اگر متعہ رنڈی بازی ہے تو اسماء بنت ابی بکر معاذ اللہ کیا رنڈی تھی اور نبی کریم نے کیا معاذ اللہ جکلے کھولنے کی اجازت دی ہے

مناظر اہلسنت شاہ عبدالعزیز کو خدا نے اس طرح بھی ذلیل کیا ہے کہ خود اسی کے قلم سے لکھوایا ہے کہ متعہ حلال ہے

کتاب اہلسنت تحفہ اثنا عشریہ باب مطاعن عمر طعن ۱۱ صفحہ ۳۰۱ میں لکھا ہے کہ اہلسنت کی صحیح ترین کتاب صحیح مسلم میں لکھا ہے کہ متعہ تین دن تک حلال رہا ہے اور بقول ابن عباس کے کہ ابتدائے اسلام میں بغیر کسی مجبوری کے متعہ حلال تھا۔ اور کتاب اہلسنت تفسیر کبیر صفحہ ۱۹۵ جز ۳ آیت متعہ کی تفسیر میں لکھا ہے کہ انا لا ننکر ان المتعة کانت مباحة = ان المتعة کانت مشروعة کہ ہم سنی لوگ متعہ کے مباح اور مشروع اور حلال ہونے سے انکار نہیں کرتے۔

ارباب انصاف۔ آپ نے دیکھ لیا ہے کہ باب ہشتم احکام فقہ میں صاحب تحفہ نے متعہ کے حلال ہونے سے بالکل انکار کر کے اپنے مذہب کے تمام سلف کو بلکہ اصحاب کو جھٹلایا ہے اور پھر باب ۱۰ میں حلیت متعہ کا اقرار کر کے خود اپنے آپ کو جھٹلایا ہے۔ جو ملاں لوگ گز بھر کی زبان نکال کر فرماتے ہیں۔ کہ متعہ بے غیرتی ہے بے حیائی ہے رنڈی کی بازی ہے ہم آپ کو دعوت فکر دیتے ہیں کہ ابتدائے اسلام میں نبی کریم نے معاذ اللہ تین دن تک بے غیرتی کی اجازت دی تھی۔

اہل سنت کی طرف سے تحریم متعہ کی دلیل دوم

کہ متعہ مثل زنا ہے پس دونوں حرام ہیں

کتاب اہلسنت تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۳۲۳ باب ۱۱ مطاعن عمر طعن ۱۰
میں لکھا ہے کہ زنا اور متعہ دونوں میں غرض یہ ہے کہ منی کا برتن
خالی کیا جائے۔ شہوت کی آگ بجھائی جاتی ہے پس دونوں حرام ہیں
ارباب انصاف یہ ذکی صاحب تحفہ نے بجائی اور بیچارے پر کی
ناحق کا مطاعن نے درج فرمایا ہے اور صریح مصالحہ لگا کر خوب
تشریح فرمائی ہے اور نیک بی بی اسماء بنت ابی بکر کا لحاظ نہیں
فرمایا کہ جن سے نکاح متعہ سے بچے بھی ہوئے ہیں۔

جواب: اگر متعہ مثل زنا ہے تو اسلام نے چند روز اسکو حلال کیوں فرمایا تھا

ثبوت ملاحظہ۔ کتاب اہلسنت تفسیر ابن کثیر صفحہ ۴۷۴ ج ۱

لا شک ان المتعۃ کانت مشروعا فی ابتداء الاسلام

ابتداء اسلام میں بحکم شریعت متعہ کے حلال ہونے میں کوئی
شک نہیں ہے۔

نوٹ:۔ دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر ہر پڑھے لکھے آدمی کو ہم
دعوت فکر دیتے ہیں کہ اگر متعہ اور زنا میں بقول سنی علماء کے کوئی فرق
نہیں ہے تو پھر ابتداء اسلام میں متعہ جیسا زنا صحابہ کرام کے لیے حلال
کیوں ہوا جبکہ متعہ مثل زنا بے غیرتی ہے تو اس کی صحابہ کرام کو
چند روز کے لئے اجازت کیوں ملی تھی۔

جواب: اس مسئلہ میں جناب متعہ کو امام رازی نے خوب ذلیل فرمایا ہے

عبارت ملاحظہ ہو۔ کتاب اہلسنت تفسیر کبیر جلد ۹ ص ۲۲

ابو بکر کا جواب ہے کہ زنا کو سفاح اس لئے کہا جاتا ہے کہ زنا میں صرف پانی گرانا مقصود ہوتا ہے اولاد یا امور خانہ داری مقصود نہیں ہوتے۔ اور متعہ بھی اسی طرح ہے۔ پس وہ بھی زنا ہے۔ اس دلیل کو امام رازی ذکر کرنے کے بعد پھر امام رازی اس کا خود جواب دیتے ہیں۔ کہ متعہ مثل زنا نہیں ہے۔ فان المقصود منها سفح الماء بطريق مشروع مأذون فيه من قبل الله فان قلتم المتعة محرمة فنقول هذا اول البحث۔ متعہ کو مثل زنا کہنے والوں کو امام رازی نے یوں جھٹلایا اور ذلیل کیا ہے کہ متعہ میں بے شک مقصود پانی گرانا ہے مگر اس طریقہ سے کہ جس کی شریعت نے اجازت دی ہے اور اگر کوئی فرمائے کہ متعہ حرام ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ متعہ کی حرمت میں نزاع ہے اور دعویٰ کو دلیل نہیں بنایا جا سکتا۔

نوٹ:۔ جو لوگ متعہ کو مثل زنا فرض کر کے اس کو حرام کہتے ہیں وہ ہمارے سنی جناب ہیں اور فخر رازی ان کا امام ہے اور یہ ہمارے سنیوں کے نصیب کہ ان کا اپنا امام ان کو جھٹلا رہا ہے۔

مولوی محمد علی جانباز کے متعہ اور زنا میں مشابہت کے چند جھوٹے دعوے اور انکے دندان شکن جوابات

مولانا موصوف اہلسنت کے نامور نعت خوان ہیں۔ اور جامعہ ابراہیمیہ سیالکوٹ میں تردید باطل کے نگران اعلیٰ ہیں اور حرمت متعہ نامی کتاب کے مصنف ہیں۔ اور متعہ اور زنا میں انہوں نے مشابہت کے چند دعوے کئے ہیں۔ اور وہ قارئین کی خدمت میں مع الجواب پیش کئے جاتے ہیں۔

دعویٰ اول: زنا اور متعہ میں اجرت پیشگی دی جاتی ہے جب اس
ملاحظہ ہو } مشابہت کی وجہ سے متعہ حرام ہے۔

جواب کئی حرام چیزوں کی حلال سے مشابہت ہے مگر وہ حرام نہیں ہوا

امر ثابت ہے کہ صرف شباہت کی وجہ سے کوئی حلال یا حرام نہیں بن جاتا۔ حرام یا حلال حکم خدا سے بنتا ہے مثال کے طور پر دیکھیں کہ انسان کی بیٹی کے اعضاء جسمانی اس کی بیوی کے اعضاء جسمانی مشابہت رکھتے ہیں تو کیا کوئی ملاں اس شباہت کی وجہ سے بیوی کے حرام ہونے کا فتویٰ دے گا۔

اگر صرف شباہت کی وجہ سے جامعہ ابراہیمیہ کی شریعت کے احکام کی فیکٹری چلانا ہے تو خنزیر اور بکرا دونوں پانی پیتے ہیں گھاس کھاتے ہیں کتا اور بکرا دونوں روٹی کھاتے ہیں پس اس شباہت کی وجہ سے ملاں کو فتویٰ دینا چاہیئے کہ بکرا بھی حرام ہے

جواب
اجرت زنا کے پیشگی ادا کرنے کا دعویٰ سفید جھوٹ ہے

ثبوت ملاحظہ کتاب اہلسنت کامل ابن اثیر جلد ۳ صفحہ ۲۲۳ ذکر سنہ ۴۴ھ
میں لکھا ہے کہ جامعہ ابراہیمیہ سیالکوٹ کے امام پنجم حضرت
معاویہ نے جب زیاد ولد الزنا کو خال المومنین کا تمغہ
دینے کا فیصلہ کیا تو اس زمانہ کے مشہور کنجر ابو مریم سلولی
کو بلایا اور پوچھا کہ زیاد کی ولادت باسعادت کس طرح
ہوئی تھی ابو مریم نے جس طرح گل ریزی گلشن کلام میں
کی اس کا ملخص یہ ہے کہ اے امیر المومنین آپ کا عظیم
باپ ابو سفیان ایک رات میرے شراب خانے میں تشریف
لایا اور سمیہ نامی بدکار عورت سے زنا فرمایا اور سمیہ
کی [illegible] سے ابو سفیان کی منی کے مبارک قطرات
کو ٹپکتے ہوئے دیکھنے کا مجھے خود کو شرف حاصل ہوا ہے۔ اور
اس کے بعد سمیہ زانیہ سے آپ کا بھائی خال المومنین
حضرت زیاد پیدا ہوا۔

نوٹ:۔ جناب اشفاق مولانا محمد علی جانباز نے امام پنجم معاویہ کے
ابا مرحوم ابو سفیان کے زنا کا قصہ ہم نے تاریخ اسلام سے بڑی
دیانتداری سے نقل کیا ہے تاکہ خیانت کا الزام ہم پر نہ
لگایا جا سکے۔ اور اس کیس میں پیشگی اجرت ادا کرنے کا کوئی
تذکرہ نہیں ہے۔ معلوم ایسا ہوتا ہے کہ یہ پیشگی اجرت والا چکر
جانباز صاحب کی خاندانی شریعت کا ہے۔

نعت خواں کا دوسرا دعویٰ کہ زنا اور متعہ دونوں میں اجرت کا تعین نہیں ہے، شباہت کی وجہ سے حرام ہیں

ارباب انصاف محمد علی جانباز کی کتاب حرمت متعہ میں صفحہ ۲۵۸ میں زنا اور متعہ میں شباہت دکھانے کے لئے علامہ موصوف نے ایک نقشہ دیا ہے اور ہم اسی نقشہ سے علامہ صاحب کی پیش کردہ مشابہات ذکر کر رہے ہیں۔

جواب: زنا کے احکام میں علامہ جانباز امام اعظم کا درجہ رکھتے ہیں

کتاب اہلسنت توضیح تلویح ص۵۵ فصل نہی عن الحسیات میں زنا کے یہ فضائل لکھے ہیں کہ ولدالزنا امام اور خلیفہ بن سکتا ہے۔ پس زنا چونکہ محمد علی جانباز کے گھر کا مسئلہ ہے اس لئے زنا کے احکام میں علامہ موصوف امام اعظم کا درجہ رکھتے ہیں لہذا زنا کی اجرت کا اگر تعین نہیں ہوتا تو اس بابت علامہ جانباز کا فتویٰ گویا امام اعظم کا فتویٰ ہے۔ اور رہا متعہ کا مسئلہ تو وہ شیعہ سنی کا مشترکہ ہے اور متعہ میں حق مہر کا تعین کرنا ضروری ہے۔ اور قلیل اور کثیر دونوں میں تعین ہو سکتی ہے اگر مولوی جانباز تجاہل عارفانہ نہ فرماویں تو ان کو خوب معلوم ہے کہ صحابہ کرام نے آدھی مٹھی ستو اور مٹھی بھر کھجور دے کر متعہ کیا ہے اور خلیفہ زبیر کا اسماء بنت ابی بکر کا ایک برد عوسجہ یعنی دھوتی کے عوض متعہ کرنا اور بچہ جننا اہل سنت کے لئے شرف کا باعث ہے۔

دعویٰ نمبر زنا اور متعہ میں تعین وقت ضروری ہے۔ پس بقول جانباز کے اس شباہت کی وجہ سے دونوں حرام ہیں

جواب ۱۔ ہم پہلے بھی تسلیم کر چکے ہیں کہ زنا کے مسائل میں مولوی محمد علی امام اعظم یا امام شافعی کا درجہ رکھتے ہیں۔ مولانا کے مذہب کی مایہ ناز کتاب المحاضرات میں ص میں لکھا ہے کہ اولاد زنا اولاد حلال سے زیادہ کامل ہے۔ پس زنا کے احکام میں جانباز صاحب کا فرمان سند ہے۔ اور متعہ اہل اسلام میں مشترک امر ہے اور کتب اہل سنت گواہ ہیں کہ صحابہ کرام مدت معین کر کے متعہ کرتے تھے۔ اگر متعہ زنا سے شباہت کی وجہ سے زنا کا حکم رکھتا ہے۔ تو کیا صحابہ کرام معاذ اللہ وقت معین کر کے زنا کرتے تھے۔

۲۔ اگر شباہت کی وجہ سے احکام کی فیکٹری چلانا ہے تو توجیہ فرما دیں کہ سکھ اور کئی سنی علماء داڑھی کو قینچی نہیں لگواتے پس اس شباہت کی وجہ سے کیا معاذ اللہ علماء اور سکھ دونوں کافر نجس اور پلید ہو گئے ہیں۔

۳۔ زنا کا کوئی قانون نہیں اس طرح کہ اجرت پیشگی دی جائے اور اور اجرت کا تعین نہیں ہے۔ اور زنا میں تعین وقت ضروری سمجھنا یہ سب خرافات ہیں اور یہ معاذ اللہ صمیم سیالکوٹ کی خانہ ساز شریعت ہی کا پیدا کردہ ہے کہ وہ اس قسم کے احکام نافذ فرماتی رہتی ہے

چوتھا دعویٰ: زنا اور متعہ میں تنہائی ضروری ہے پس اس مشابہت کی وجہ سے دونوں حرام ہیں

جواب: ہم پہلے ہی ذکر کر چکے ہیں کہ مولوی محمد علی جانباز مسائل زنا میں امام اعظم کے بعد اس زمانہ کے امام اعظم ہیں اور زنا میں ان کا فرمانا سند کیسی ہوتا ہے۔ ان سے کوئی پوچھے کہ زنا میں تو تنہائی ضروری ہے کیا لوگ جب اپنی ازواج سے جماع کرتے ہیں تو لوگوں کا مجمع لگا کر ان کے سامنے کرتے ہیں کیا صحابہ کرام اس فعل کو لوگوں کے سامنے کرتے تھے کیا شیخ الحدیث محمد علی کے امام پنجم معاویہ کہ جو ولادت زنا کی ایک فہرست لگی تھی جن کو انہوں نے یہ شرف بخشا تھا کہ ان کو اپنا گورنر بنایا تھا اور ان میں سر فہرست عمرو بن عاص ہے پھر زیاد ولد الزنا ہے پھر مروان طرید ہے اور پھر مغیرہ بن شعبہ ہے یہ مغیرہ بن شعبہ۔ جو کہ صحابی تھا اور حضرت عمر کی طرف سے کوفہ کا قاضی تھا، اور کوفہ میں ایک ام جمیل نامی عورت سے زنا کرتا تھا اور حضرت عمر کی عدالت میں اس پر زنا کی گواہی مکمل تھی البتہ چوتھے گواہ زیاد ولد الزنا کو جناب عمر نے اشارہ کر کے گواہی سے روک دیا تھا اور تاریخ ابن خلکان ج ۲ ص ۴۵۵ ذکر یزید بن زیاد میں لکھا ہے کہ اس کے مذکورہ کیس کے بعد حضرت عمر اس مغیرہ کو دیکھ کر فرماتے تھے کہ تجھے دیکھ کر مجھے خطرہ ہوتا ہے کہ کہیں مجھ پر آسمان سے پتھر نہ برسنے لگیں اگر یہ مغیرہ صحابی تنہائی میں زنا کرتا تو اس پر زنا کا مقدمہ نہ ہوتا۔

نث خواں محمد علی جانباز کا پانچواں دعویٰ کہ زنا اور متعہ میں عورتوں کی تعداد معین نہیں کی گئی اس شباہت کی وجہ سے دونوں حرام ہیں!

جواب۔ ملک یمین میں عورتوں کی تعداد معین نہیں ہے جیسا ملاحظہ ہو کہ بجائے ایک شخص ہزار کنیزیں رکھ سکتا ہے پس متعہ عورتوں کی تعداد میں ملک یمین کی مثل ہے اور اگر زنا سے شباہت کی وجہ سے متعہ حرام ہے تو مذکورہ شباہت ملکیہ یمین کو بھی زنا سے حاصل ہے لیکن وہ بھی حرام ہونا چاہیے۔

چھٹا دعویٰ زانیہ اور متعہ دونوں بے حجاب ہوتی ہیں پس اس شباہت کی وجہ سے زنا اور متعہ حرام ہے

جواب۔ صحابہ کرام ابتدائے اسلام میں بقول اہل سنت ملاحظہ ہو جنگوں کے بوجہ مجبوری متعہ کرتے رہے ہیں۔ اگر متعہ زنا ہے تو کیا صحابہ کرام بوجہ مجبوری کے زنا کرتے تھے۔

۲۔ شہروں اور گاؤں میں اہل اسلام کی عورتیں وہ بے حجاب ہیں تو کیا کوئی لعنتی ملاں فتویٰ دے سکتا ہے کہ تمام خواتین معاذ اللہ زنا کار ہیں سنی علماء کی سکھوں کے ساتھ اور یہود و نصاریٰ کی کئی باتوں میں شباہت ہے تو کیا یہ علماء معاذ اللہ ان کفار کی طرح بے ایمان اور لعنتی ہیں۔

ساتواں دعویٰ زنا میں طلاق نہیں اور متعہ میں بھی طلاق نہیں ہے پس اس شباہت کی وجہ سے دونوں حرام ہیں۔

جواب: آغاز اسلام میں جب متعہ چند روز کے لئے بقول اہلسنت
ملاحظہ کے حلال ہوا تھا۔ اس وقت بھی متعہ میں طلاق نہیں
تھی۔ اور اس وقت بھی متعہ اس بات میں زنا کے مشابہ
تھا۔ پس اگر زنا سے شباہت کی وجہ سے متعہ بھی مثل زنا
فعل حرام ہے تو آغاز اسلام میں صحابہ کرام جو متعہ کرتے
تھے گویا وہ معاذ اللہ زنا کرتے تھے۔ اور حضرت ابو بکر
کی بیٹی اسماء نے جو متعہ فرمایا کیا معاذ اللہ اس نیک بی بی
نے بھی زنا کیا تھا۔ فعل حرام کیا تھا۔

۲۔ بیوی سے دختر کو شباہت ہے کیونکہ دونوں کا جوڑا
اور گوشوارہ اور ناک میں کوکی ہوتی ہے اور دونوں گندم
کھاتی ہیں۔ پس مثل دختر کے بیوی سے بھی جماع حرام
ہونا چاہیئے کیونکہ مشابہت ہو گئی ہے۔

۳۔ متعہ میں طلاق کے عوض میں ہبہ مدت ہے اگر
شوہر ممتوعہ کو مدت بخش دے تو عورت عدت گذارنے
کے بعد نکاح کر سکتی ہے۔ اور زنا کے احکام میں مولانا
محمد علی جانباز سنی قوم میں دوسرے امام اعظم صاحب ہیں۔
اور ان کا وجود سنی قوم کے لئے معاویہ کی طرح بہت مفید ہے۔

نعت خواں کا آٹھواں دعویٰ: زنا اور متعہ میں وراثت نہیں ہے اس شباہت کی وجہ سے دونوں حرام ہیں!

جواب: معاویہ نے ولد الزنا زیاد کو اپنا بھائی کیوں بنایا!

جامعہ ابراھیمیہ سیالکوٹ کے امام پنجم معاویہ نے شریعت اسلامیہ کا یوں جنازہ نکالا تھا کہ اپنے زانی باپ ابو سفیان کے نطفے سے پیدا ہونے والے زیاد ولد الزنا کو اپنے حرموں میں داخل فرما کر اس کو اپنا حقیقی بھائی بنانے کا اعلان فرمایا تھا اور بچارا علامہ سیوطی اپنی تاریخ الخلفاء صفحہ ۱۸۹ میں یہ رونا روتا ہے کہ معاویہ نے اس کیس میں اعلانیہ نبی کریمؐ کی نافرمانی کی ہے

نوٹ:- بے شک اسلام میں ولد الزنا نہ ہی وارث ہے اور نہ ہی بیٹا ہے مگر معاویہ نے اسلام کے خلاف بغاوت کر کے ایک نطفہ حرام کو اپنا بھائی بنا کر ابو سفیان کا بیٹا بھی بنا دیا اور وارث بھی بنا دیا کیونکہ بیٹے کے لئے وارث ہونا ضروری ہے۔ محمد علی کہتا ہے کہ ولد الزنا وارث نہیں ہوتا اور معاویہ کہتا کہ ولد الزنا بیٹا بھی ہوتا ہے اور وارث بھی ہوتا۔

پس اس مسئلہ میں یا مولوی محمد علی جانباز جھوٹا ہے اور یا اس کا امام پنجم معاویہ جھوٹا ہے اور متعہ میں بلا کسی اختلاف کے اولاد متعہ وارث ہے اور زوجہ وقت عقد اگر شرط وراثت کرے تو وہ بھی وارث ہے۔

نفت خوار کا ذوال ذہنی کہ زنا اور متعہ میں خرچہ دینے کی وجہ سے فرق نہیں ہوتا اس مشابہت کی وجہ سے دونوں حرام ہیں!

عمرو کی ماں کو اس کا زانی باپ خرچہ دیتا تھا!

کتاب اہلسنت تذکرہ خواص الامہ صفحہ ۱۱۶ ذکر امام حسن میں لکھا ہے
کہ جب معاویہ کا مشیر خاص عمرو بن عاص پیدا ہوا تھا تو پانچ
آدمیوں نے دعویٰ کیا تھا کہ یہ مولود مسعود ہمارا نطفہ ہے۔
اور وہ پہلوان زنا کے میدان کے یہ تھے ۱۔ عاص بن وائل ۲۔
ابولہب ۳۔ امیہ بن خلف ۴۔ ہشام بن مغیرہ ۵۔ اور معاویہ
کا باپ ابوسفیان۔ یہ پانچوں قریشی عمرو کی ماں نابغہ سے
زنا کرتے تھے۔ اور وہ خوش بخت بی بی حاملہ ہوگئی اور عمرو
کو جنا اور ان پانچوں میں جھگڑا ہوگیا کہ یہ کس کا بیٹا ہے پھر
نابغہ بی بی عمرو کی ماں نے یہ فیصلہ دیا کہ یہ عاص بن وائل کا بیٹا
ہے اور لوگوں نے سوال کیا کہ ابوسفیان بھی قریشی سردار تھا اس
کو نظر انداز کیوں کیا ہے نابغہ نے کہا کہ ابوسفیان بخیل ہے اور
عاص مجھ کو خرچہ دیتا تھا۔ اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ مولوی محمد علی
جھوٹا ہے کہ زنا میں عورت کو خرچہ نہیں دیا جاتا بلکہ دیا
جاتا ہے جس طرح کہ عمرو صحابی کی ماں عاص سے خرچہ
لیتی تھی۔

خالد سیف اللہ کا مالک کی حسین زوجہ کے عشق کی وجہ سے مالک کو قتل کرنا اور بغیر عدت گزرانے اس کی زوجہ سے نکاح کرنا

کتاب اہل سنت کنز العمال جلد ۳ ص۱۳۲ کتاب الفتنا فرع الامارہ میں لکھا ہے کہ نامور صحابی حضرت خالد بن ولید ہے۔ سیف نے ایک صحابی مالک بن نویرہ کو رات کے وقت بغیر کسی جرم کے قتل کیا اور عدت گزرے بغیر رات ہی کے وقت اس کی بیوہ ام متمم سے نکاح کر لیا اور جماع کیا۔ حضرت عمر کو معلوم ہوا تو انہوں نے ابوبکر کو کہا کہ خالد نے ایک مسلمان کو قتل کیا ہے اور اس کی بیوہ سے زنا کیا ہے اور عدت کے گزرنے کا انتظار تک نہیں کیا پس اس خالد کو قتل کرو مگر ابوبکر ٹال مٹول کر گیا۔

نوٹ: سپاہ صحابہ والے ناموس صحابہ بنائے پھرتے ہیں ہم ان تمام وکلاء صحابہ سے پوچھتے ہیں مالک صحابی کی بیوی ام متمم اگر اس کی زوجہ نہ تھی تو کیا ایک صحابی اس کو گھر میں رکھ کر اس کے ساتھ زنا کرتا تھا اور اگر وہ اس کی زوجہ تھی تو اس کے مرحوم شوہر کے قتل کے بعد فوراً ہی خالد نے اس عورت کی عدت میں اس سے نکاح کر کے اس بیوہ سے زنا کیا۔

یہ ہیں اصحاب مثل ستاروں کے اور ان کی پیروی سنیوں کے لئے باعث فخر ہے۔

فیض احمد اویسی کے تحریم متعہ کے بارے میں چند خرافات

اس نام کے شیخ الحدیث نے ایک رسالہ متعہ یا زنا نامی لکھا ہے اور دونوں میں مشابہت دکھلانے کے لئے حسن الدین سہروردی کے رسالہ حرمت متعہ کی لفظ بلفظ عبارات چوری کی ہیں اور ہمارے لئے یہ سارق بھی مفتی بن گیا ہے متعہ اور زنا میں اس کی بیان کردہ شباہتیں تقریباً وہی ہیں۔ جن کو محمد علی جانباز نے ذکر کیا ہے۔ مگر اس کے غرور کو توڑنے کے لئے کچھ نوٹس اس کا لینا ضروری ہے تاکہ یہ ذلیل منافق کی طرح اپنی ٹیڑھی گردن کو مایہ لگا کر نہ چلے۔

اویسی کا ایک دعویٰ یہ کہ متعہ میں عدت نہیں ہے پس یہ زنا کے مشابہ ہے اور زنا کی طرح حرام ہے

جواب: متعہ سے عدت کی نفی کرنا اویسی کا سفید جھوٹ ہے

ارباب انصاف علامہ اویسی نے شیعوں کے خلاف جھوٹ بول کر اپنے منحوس چہرے پر بے ایمانی کا غازہ لگایا ہے۔ منابل تشیع کی کتاب شرح لمعہ جلد دوم کتاب النکاح ذکر متعہ میں صاف لکھا ہے کہ نکاح متعہ کی مدت ختم ہونے کے بعد عورت کے لئے عدت رکھنا فرض ہے۔

اویسی کا دوسرا دعویٰ کہ نکاح میں چار سے زیادہ جمع نہیں ہو سکتیں

غرض اس بات کے منفی کی یہ ہے کہ نکاح میں کوئی شخص
چار سے زیادہ بیویاں ایک وقت میں جمع نہیں کر سکتا۔ اور
متعہ اور زنا میں عورتیں رکھنے کی تعداد پر کوئی پابندی نہیں
ہے پس اس مشابہت کی وجہ سے دونوں متعہ اور زنا حرام ہیں

نبی کریمؐ کے پاس ایک وقت میں چار سے زیادہ ازواج تھیں!

اویسی مسکین کو تاریخ اسلام کا صحیح علم نہیں ہے۔
جب نبی کریمؐ نے رحلت فرمائی تھی تو نبی کریمؐ کے
بیت الشرف میں ۹ عدد ازواج جمع تھیں اور یہ ۹ عدد
اگر ازواج نہ تھیں تو کیا تھیں پس ان عورتوں کا
ازواج نبیؐ ہونا اویسی کو جھوٹا کرنے کے لیئے کافی
ہے جس طرح نبی کریمؐ کو شریعت نے چار سے زیادہ
عورتیں رکھنے کی اجازت دی ہے۔ اور صرف
کسی ایک وجہ سے مشابہت اگر مؤثر ہے تو
اویسی صاحب کو کئی لحاظ سے کفار سے سکھوں
سے مشابہت ہے۔

اہلسنت کا فیصلہ ہو چکا کہ متعہ والی عورت کو میراث نہیں ملتی پس زانیہ کے مشابہ ہو گی اس لئے متعہ حرام ہے

جواب: میراث محروم زوجہ کو زانیہ کہنا کفر ہے

ارباب انصاف شیعوں کی دشمنی میں یہ سنی ملاں کچھ اندھے ہو گئے ہیں اور کفر بکنے کو تیار ہیں۔ اگر زوجہ کی میراث نہ ہو تو وہ مثل زانیہ عورت کے ہے اگر مفتی صاحب کا یہ مسئلہ ہے تو پھر ہم سوال کرتے ہیں کہ وراثت تو ازواج نبی کو بھی نہیں ملتی کیونکہ بقول ابوبکر مفتی اعظم کے نبیوں کا کوئی وارث نہیں ہوتا۔ پس ازواج نبی وراثت سے محروم ہیں اور بقول اہلسنت وراثت سے محروم عورتیں مثل زانیہ عورتوں کے ہیں پس اہلسنت سے دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر ہم پوچھتے ہیں کہ ازواج نبی وراثت سے محروم ہونے کے بعد کیا تھیں ان ماؤں کے بارے فیصلہ کرنا سنی ملاں کے ذمہ ہے گا۔ متعہ والی عورت اگر شوہر سے اس طرح شرط کر لے کہ اگر ہم سے مدت متعہ کے درمیان جو مرے گا تو دوسرا جو زندہ ہو گا اس کا وارث بنے گا تو بعض مجتہدین کے نزدیک یہ درست ہے اور وراثت ثابت ہے اور اجتہادی اختلاف اہلسنت کے گھر میں مفتیوں کے حساب سے موجود ہے اور ان کی چار فقہ مقبولہ کا یہ نتیجہ ہے

چوتھا دعویٰ کہ عورت نکاح متعہ میں شوہر سے منسوب نہیں ہوتی

ارباب انصاف اس سلامہ ادیبی زبدۃ المحققین کا مقصد یہ ہے کہ نکاح متعہ کی عورت اس طرح اپنے شوہر کی طرف منسوب نہیں ہوتی جس طرح نکاح دائم میں ہوتی ہے۔ پس متعہ مثل زانیہ کے ہے اور متعہ مثل زنا ہے۔

جواب نکاح حلالہ میں عورت اپنے محلل شوہر سے منسوب نہیں ہوتی

ارباب انصاف ۔ اہلسنت بھائیوں کی شریعت میں ایک نکاح حلالہ ہے کہ جس کا نام سنتے ہی مرد غیرت اور شرم سے کانپ جاتے ہیں اور ہدایہ شریف جو سنی مذہب کی وہ کتاب ہے جس کو وہ مثل قرآن سمجھتے ہیں اس ہدایہ صفحہ ۲۳ کتاب الطلاق باب الرجعت میں یہ لکھا ہے لعن اللہ المحلل والمحلل لہ کہ خدا اس مرد پر لعنت کرے جو حلالہ کی خاطر کسی عورت سے شادی کرے اور اس مرد پر بھی خدا لعنت کرے جس نے اپنی بیوی حلالہ کی خاطر دی ہو۔ خلاصہ اس حلالہ میں عورت فخر سے یہ نہیں کہتی کہ میں فلاں محلل کی عورت ہوں پس یہ حلالہ بھی مثل زنا ہے جو کہ ملاں صاحب اپنی مرید عورت کو پہلے کے لئے حلال بنا رکھا ہے۔ جب اصحاب اکبر نے اسلام میں متعہ کرتے تھے تو ان کی ازواج کس سے منسوب ہوتی تھی۔

اویسی کا پانچواں دعوی — کوئی شریف یہ نہیں کہتا کہ میں ولد متعہ ہوں

علامہ اویسی کا مقصد یہ ہے کہ قوم شیعہ میں کوئی عالم فاضل یا کوئی بھی اقرار نہیں کرتا کہ میری ولادت متعہ سے ہوئی ہے پس اگر متعہ صحیح نکاح تھا تو اس کی اولاد کہاں گئی ہے۔

جواب: کوئی کمینہ سے کمینہ سنی بھی یہ نہیں کہتا کہ میں حلالہ کا نطفہ ہوں!!

ارباب انصاف ہم اپنے سنی بھائیوں کو دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر عرض کرتے ہیں کہ وہ اپنے مذہب کا کوئی عالم یا قاری یا شیخ الحدیث پیش فرما دیں۔ جو بخوشی اقرار فرما دے کہ وہ نکاح حلالہ کی سنت ہے۔ چودہ سو سال سے سنی مذہب کو نکاح حلالہ کے رائج کرنے کا شرف حاصل ہے اور سنی مذہب کے کئی علماء اور پیر صاحبان کو محلل ہونے کا شرف بھی حاصل ہے پس کیا وجہ ہے کہ اولاد حلالہ کہیں نظر نہیں آتی جب ہمارے سنی بھائی اولاد حلالہ پیش کریں گے تو ہم بھی اولاد متعہ پیش کریں گے۔ جب ابتدائے اسلام میں اصحاب مصطفی بحضور رسول یا ستو دے کر متعہ کرتے تو ان کی اولاد متعہ کہاں گئی ہے سوائے عبداللہ بن زبیر کے اور کوئی نظر نہیں آتا۔

حسن الدین سہروردی کی خرافات اور ان کے دندان شکن جواب

اس ولد زنیت مروان نے ایک حرمت متعہ نامی رسالہ لکھا ہے۔ اور باتیں تو وہی ہیں جو سنی علماء مکھی پر مکھی مارتے ہیں۔ مگر ہمارا فرض بنتا ہے کہ ہم تھوڑا تھوڑا سب کا نوٹس لیں۔ اس کے خرافات کا کچھ ذکر کر کے ہم اختصار کے ساتھ ان کا جواب تحریر کرتے ہیں

رسالہ حرمت متعہ صفحہ ۹ میں نواصب کا یہ علامہ لکھتا ہے۔

دلیل ۱۔ متعہ کی غرض محض قضاء شہوت ہے پس حرام ہے

جواب۔ آخر شادی سے جماع کی ہی غرض ہے پس اس کو بھی حرام کہو۔

دلیل ۲۔ متعہ سے ہر جگہ "میں تیرا تو میری" کا جلوہ نظر آئے گا۔

جواب۔ آغاز اسلام میں اٹھارہ سال تک خدا اور رسولؐ نے اس کو حلال کیوں رکھا۔ اس وقت بھی تو یہ جلوہ تھا۔ (ملاحظہ ہو)

دلیل ۳۔ متعہ سے بستے گھر اجڑ جائیں گے۔

جواب۔ حوالہ جات اسی رسالہ میں موجود ہیں کہ بقول جابر صحابی کے یہ متعہ رسول پاکؐ اور ابوبکر کے زمانہ میں عام تھا کوئی سنی بتلائے کہ کتنے صحابہ اور صحابیات کے گھر متعہ کی وجہ سے اجڑے ہیں اور علاوہ ازیں حسن سہروردی کے یہ اعتراضات بجائے شیعوں کے خدا اور رسولؐ پر وارد ہوتے ہیں کہ انہوں نے ابتدائے اسلام میں لوگوں کو بے غیرت بنانے والا نکاح جائز رکھا تھا (ملاحظہ)

دلیل نمبر ۳] شجر متعہ بالکل بے برگ و بار ہے !

شیعہ کوئی ولد متعہ نہیں پیش کر سکتے ہیں ؟

جواب نمبر ملاحظہ] نکاح حلالہ بھی بے برگ و بار ہے اور سنیوں میں ایک نکاح موقت بھی ہے اور سنی بھائی آج تک نکاح حلالہ اور نکاح موقت سے پیدا ہونے والا بچہ نہیں پیش فرما سکے شاید شرم کی وجہ سے جس طرح نکاح حلالہ کی اولاد نہیں ملتی اسی طرح اولاد نکاح متعہ بھی نہیں ملتی اور جس طرح نکاح حلالہ درست ہے زنا نہیں اسی طرح نکاح متعہ زنا نہیں ہے

دلیل نمبر ۵] متعہ کا جائز استعمال بھی برائیوں کا سرچشمہ ہے

جواب نمبر ملاحظہ] یہ سہروردی اس دلیل کے باعث کافر ہو گیا ہے کہ بقول اس کے جب متعہ جائز ہو تو پھر اس کو برائیوں کا سرچشمہ کہنا خدا اور رسول کی عقل پر اعتراض کرنا ہے اور یہ کفر ہے ۔

دلیل نمبر ۶] متعہ کو رواج دینے سے حرام کاری نہیں رک سکتی ۔

جواب نمبر ملاحظہ] شریعت نے نکاح دائم کو رواج دیا ہے اور پھر حرام کاری نہیں رک سکی پس سہروردی کو چاہیئے کہ نکاح دائم کو متعہ کے ساتھ ملحق کر کے زنا کے کھاتے میں ڈال دے سنی مذہب میں تین نکاح ہیں ایک نکاح دائم ۔ ۲ نکاح موقت ۔ ۳ نکاح حلالہ اور یہ تینوں مل کر بھی زنا اور لواطت کو نہیں روک سکے ۔ اور سنیوں میں علت المشائخ عام ہے ۔

متعہ سے جو اولاد پیدا ہوگی وہ کس کی کہلائے گی!

جواب: نکاح حلال سے جو اولاد پیدا ہوگی وہ کس کی کہلائے گی؟ جہاں تک سنی مذہب کی ابتدا اور ترقی صرف نکاح حلال سے ہے یہ چودہ سو سال نکاح حلال اہلسنت میں آرہا ہے۔ اور وہ جب بھی اور جتنی بھی تعداد سنیوں میں ہم کو اولاد حلال کی دکھائیں گے اتنی تعداد ان کو ہم شیعوں میں اولاد متعہ دکھائیں گے۔

۲۔ نکاح متعہ سے جو بچے پیدا ہوں گے وہ اسی مرد اور عورت کے ہوں گے اور وہ بچے اسی مرد اور عورت کے وارث ہوں گے اور وہ مرد و عورت ان بچوں کے وارث ہوں گے رہا یہ سوال کہ اولاد متعہ کسی جگہ نظر نہیں آتی تو اس کا جواب یہ ہے کہ اولاد متعہ اولاد حلال کی طرح سر پر سلیمانی ٹوپی رکھتی ہے اس لئے یہ نظر نہیں آتے

اٹھارہ سال تک زمانہ رسالت میں متعہ حلال تھا اولاد متعہ کہاں گئی!

اہلسنت احباب کی کتابیں گواہ ہیں کہ زمانہ رسالت میں صحابہ کیلئے متعہ حلال تھا ہم دیانت اور انصاف کا واسطہ دے کر اہلسنت بھائیوں سے ہم سوال کرتے ہیں کہ جب اٹھارہ سال تک زمانہ رسالت میں متعہ حلال رہا تو اولاد متعہ کس کی کہلائی اور کہاں گئی؟ بڑی مہربانی ہوگی کہ اپنے شجرہ نسب اولاد حلال و اولاد متعہ سنی بھائی پیش کریں گے۔

سنیوں کی طرف سے متعہ کے حرام ہونے کی تیسری دلیل کہ ممتوعہ عورت نہ زوجہ ہے اور نہ ہی کنیز ؟ ؟

مناظر اہلسنت شاہ عبدالعزیز نے یہ ڈفلی بجائی ہے۔ اور ناصبی ملاں آج تک اس پر رقص کر رہے ہیں۔ کتاب اہلسنت تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۲۷۵ باب مسائل متعہ اور صفحہ ۳۲ باب ۱۲ مطاعن عبدالرحمن ۱۱ میں۔ بیچارے سنی مناظر نے یہ رونا رو دیا ہے کہ قرآن پاک پارہ ۱۸ سورہ مومنون۔ آیت ۶ میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ کسی عورت کا کسی مرد کے لئے حلال ہونے کے صرف دو سبب ہیں ۱۔ وہ عورت اس کی زوجہ ہو ۲۔ وہ عورت اس کی کنیز ہو۔ اور ان کے علاوہ جو مرد کسی عورت کو اپنے لئے حلال سمجھے گا وہ حکم خداوندی سے آگے بڑھنے والا ہے۔ اور جس عورت سے کسی نے متعہ کیا ہے وہ نہ ہی زوجہ ہے اور نہ ہی وہ کنیز ہے۔ اس کا کنیز ہونا اس لئے نہیں ہے کہ اس کا بیچنا صحیح نہیں ہے اور ممتوعہ زوجہ اس لئے نہیں ہے کہ اس کے لئے طلاق، عدت، میراث، ایلا، ظہار، لعان، نفقہ وغیرہ ثابت نہیں پس جب ممتوعہ کا زوجہ ہونا ثابت نہیں ہے تو وہ عورت مرد کے لئے حلال نہیں۔ ارباب انصاف اس دلیل کی ابھی ہم اس طرح چیر پھاڑ کرتے ہیں کہ کوئی سنی مرتے قیامت تک اس کو ٹانکے نہ لگا سکے۔

جواب ۱: بلند پایہ سنی علماء نے متعہ کو زوجیت اور متعہ کو نکاح مان کر شاہ عبدالعزیز کو ذلیل کر کے جھٹلایا ہے

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر کشاف ص ۱۷۷ ج ۳ المومنون آیت ۶
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر قرطبی، ص ۱۳۰ ج ۵، النساء
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب تفسیر بیضاوی ص ۷۹ ج ۲ عبداللہ بن عمر بیضاوی

کشاف کی عبارت: فان قلت هل فيه دليل على تحريم المتعة قلت لا لان المنكوحة بنكاح المتعة من جملة الازواج ۔

ترجمہ: اگر تو سوال کرے کہ سورہ مومنون کی آیت نمبر ۶ میں متعہ کے حرام ہونے پر دلالت ہے تو میں (زمخشری) جواب دوں گا کہ اس آیت کی حرمت متعہ پر دلالت نہیں ہے کیونکہ جس عورت سے نکاح متعہ کیا جائے وہ زوجہ ہے ۔

تفسیر قرطبی کی عبارت: قال الجمهور المراد نكاح المتعة الذي كان في صدر الاسلام ...... وقال ابو عمر لم يختلف العلماء من السلف والخلف ان المتعة نكاح الى اجل لا ميراث فيه

اہلسنت کے بڑے علماء یہ فرماتے ہیں کہ پارہ ۵ کی پہلی آیت فما استمتعتم سے مراد نکاح متعہ ہے جو آغاز اسلام میں حلال تھا اور علامہ ابو عمر کہتے ہیں کہ سب علماء کا اتفاق ہے کہ متعہ بھی پکا نکاح ہے

بیضاوی کی } و متعہ وھی لنکاح المؤقت المعلوم
عبارت } علامہ بیضاوی فرماتے ہیں کہ متعہ نکاح موقت ہے
وقت معلوم باب اختلاف ۔ امام اہلسنت فخرالدین رازی نے صاحب
کشاف علامہ زمخشری کی اپنی کتاب ترجیح مذہب شافعی میں یوں
تعریف کی ہے کہ وہ بلند پایہ علامہ تھے اور کان علی مذہب
ابی حنیفہ کے مذہب ابی امام اعظم ابو حنیفہ کے ۔ مذہب پر
اس زمخشری نے اقرار فرمایا ہے کہ ممتوعہ عورت بھی زوجہ ہے
اور قرطبی اور بیضاوی نے اقرار فرمایا ہے کہ متعہ بھی نکاح اور
ان علماء کے ارشادات دہلوی صاحب کو بتلانے کیلئے کافی ہیں ۔

محدثین نے بھی ممتوعہ کو زوجہ تسلیم کیا ہے ۔

۱۔ اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح بخاری جلد ۲ صفحہ ۱۲
۲۔ اہلسنت کی معتبر کتاب صحیح مسلم جلد ۱ صفحہ ۴۵۳ النکاح
۳۔ اہلسنت کی معتبر کتاب فتح الباری صفحہ ۱۹۱ ج ۹
۴۔ اہلسنت کی معتبر کتاب عمدۃ القاری صفحہ ۳۶۲ ج ۹

بخاری کی } ثم رخص لنا ان ننکح المرأۃ بالثوب ثم قرأ علینا
عبارت } یا ایہا الذین ۔ ۔ ۔ لا تحرموا طیبات ۔

ترجمہ :۔ عبداللہ بن مسعود روایت کرتا ہے کہ ہم نے نبی کریمؐ سے اپنے
آپ کو خصی کرنے کی اجازت طلب کی ۔ حضور پاکؐ نے اس چیز
سے تو ہم کو منع کیا مگر ہمیں اجازت دی کہ کپڑے کے عوض ہم عورت
سے نکاح کریں ۔ پھر عبداللہ بن مسعود نے اس آیت

کی تلاوت کی کہ اے ایمان والو تم حرام نہ کرو ان اچھی چیزوں کو جن کو اللہ نے تمہارے لئے حلال فرمایا ہے۔

نوٹ :۔ اس روایت کو مسلم نے اپنی صحیح کتاب النکاح میں لکھا ہے اور باب قائم فرمایا ہے کہ باب نکاح المتعہ

فتح الباری کی عبارت | قولہ ان تنکح المرأۃ بالثوب ای الی اجل فی نکاح المتعۃ

عمدۃ القاری کی عبارت | قولہ ثم رخص لنا ان تنکح المرأۃ بالثوب ھذا نکاح المتعۃ

ترجمہ :۔ دونوں شارح فرماتے ہیں کہ حدیث شریف میں نکح سے مراد نکاح متعہ ہے۔

اہل اسلام کو دیانت کا واسطہ دے کر ہم دعوت انصاف دیتے ہیں

ارباب انصاف جب ابتدائے اسلام میں متعہ حلال تھا۔ اس وقت ممتوعہ عورت حلال تھیں ہمارا سوال ہے اس وقت وہ کیا تھی اگر زوجہ نہ تھی تو حلال کیوں تھی اور اگر زوجہ تھی تو معلوم ہوا کہ ممتوعہ بھی شریعت میں زوجہ ہے اور اس کو زوجیت سے خارج کرنا دوسرے معنوں میں اصحاب کو زانی ثابت کرنا ہے کیونکہ وہ متعہ کرتے تھے۔ خلاصہ اہلسنت کے بلند پایہ علماء نے ممتوعہ کو زوجہ اور متعہ کو نکاح تسلیم کیا اور جو لوگ اس بات سے انکار فرماتے ہیں ان کی نادانی اور کم علمی ہے۔

رسالہ حرمت متعہ والے ملاں کی ڈگڈگی بجی سنیئے

تمیس الدین سہروردی نے اپنے رسالہ حرمت متعہ صفحہ ۳۶ میں یہ رونا بھی رویا ہے کہ زوجہ کا لفظ قرآن پاک میں جہاں کہیں آیا ہے اس سے مراد نکاح دائمی والی عورت ہے مثلاً جناب آدم کے قصہ میں ہے و زوجک الجنۃ = اور چونکہ متعہ سے نکاح دائمی نہیں ہے اس لئے وہ زوجہ نہیں ہے۔

جواب: اثبات الشئی نفی ماعداہ نہیں ہے!

احباب انصاف اگر قرآن میں لفظ زوجہ زیادہ تر اس عورت کے بارے استعمال ہوا ہے جو منکوحہ نکاح دائمی ہے تو اس سے اس منکوحہ کا صرف زوجہ ہونا ثابت ہوتا ہے اور یہ اثبات ممتوعہ کے زوجہ ہونے کی نفی نہیں کرتا کیونکہ علم منطق میں ثابت ہے کہ اثبات الشئی نفی ماعداہ نہیں کرتا۔

ملاں سہروردی کی ایک اور شرلی ملاحظہ ہو

اہلسنت کی صحاح ستہ میں بے شک لفظ زوجہ اور لفظ نکاح لعنی متعہ اور ممتوعہ میں استعمال ہوتے ہیں مگر یہ استعمال مجازی ہے اور معنی مجازی پر معنی حقیقی کے احکام جاری نہیں ہوتے مثلاً شاگرد مجازی بیٹا ہے اس پر حقیقی بیٹے کے احکام جاری نہیں ہوتے۔

جواب۱۔ اگر متعہ زنا ہے تو کیا صحابہ کرام زنا کرتے تھے

آغاز اسلام میں اہلسنت کی صحاح ستہ گواہ ہے کہ صحابہ کرام متعہ فرماتے تھے اور اگر متعہ والی عورت زوجہ نہیں ہے اور عقد متعہ نکاح نہیں ہے تو کیا ابتدائے اسلام میں صحابہ کرام متعہ کی صورت میں زنا کرتے تھے اور قرآن پاک میں آیا ہے
وازواجہ امہاتکم کہ نبی کریمؐ کی بیویاں تمہاری مائیں ہیں لفظ ام معنی مجازی میں استعمال ہوا ہے اور معنی حقیقی کے بعض احکام اس معنی مجازی کے لئے ثابت ہیں نبی کریمؐ کی ازواج امت کی اس طرح مائیں نہیں ہیں کہ تمام امت ان کے پیٹ سے پیدا ہوئی ہے اور امت سے ان ازواج کو پردہ نہیں ہے البتہ جس طرح حقیقی ماں سے نکاح نہیں ہو سکتا اسی طرح ازواج نبیؐ سے نکاح نہیں ہو سکتا۔

سنی ملاں کی ایک اور شرلی ملاحظہ ہو

حدیث کتب شیعہ میں ہے کہ
ملعون من نکح بھیمۃ
اور جس طرح یہاں نکاح بمعنی بدکاری ہے اسی طرح متعہ میں نکاح بمعنی بدکاری ہے۔

جواب: آغاز اسلام میں جب صحابہ نکاح متعہ کرتے تھے تو معاذ اللہ قرآن کا نکاح متعہ کیا معاذ اللہ بدکاری تھا۔

مولوی محمد علی جانباز کی شرلی اور خرافات۔

موصوف اپنی کتاب حرمت متعہ صـ۱۷۱ میں لکھتے ہیں
کہ ممتوعہ زوجہ اور بیوی اس لئے نہیں ہے کہ زوجیت
کے لئے جتنے احکام ہیں ان میں سے کسی کا بھی اس ممتوعہ
پر اطلاق نہیں ہوتا

جواب۔ علامہ نے ثلثہ کی خاطر تمام آباؤ رحمبو ہونے کے توڑ دیے

ارباب انصاف ملعنت اور افسوس ہے اس جانباز پر کہ جسنے
ثلاثہ کی خاطر مجدوث ہونے کی تمام حدیں توڑ دی ہیں۔

شیعہ مذہب کی فقہ کی تمام کتابیں حاضر اور موجود ہیں۔
اور ان میں مثلاً شرح لمعہ وغیرہ سب میں لکھا ہے کہ
ممتوعہ عورت پر عدت واجب ہے اور عدت زوجہ
پر ہی واجب ہوتی ہے۔ پس ممتوعہ زوجہ ہے۔

اعتراض ملاحظہ) صرف ایک حکم ثابت ہونے سے ممتوعہ عورت کس طرح زوجہ بن گئی۔

جواب ملاحظہ) ازواج نبی کریمؐ صرف ایک حکم ثابت ہونے سے مائیں کس طرح تمام امت کی بن گئیں۔

ارباب انصاف۔ نبی کریمؐ کی بیویاں بے شک امت کی مائیں
ہیں مگر صرف ایک حکم ہیں کہ ان سے نکاح نہیں ہو سکتا۔ اسی
طرح ممتوعہ عورت کا زوجہ ہونا بھی سمجھ لیں۔

شاہ عبدالعزیز کی تحفہ مسروقہ میں ایک اور ڈگڈگی ملاحظہ ہو !

اہلسنت کی معتبر کتاب تحفہ اثنا عشریہ صفحہ ۳۰۳ باب ۱۰
مطاعن عمر طعن ۱۰ میں صاحب تحفہ فرماتے ہیں کہ اسلام نے صرف
چار ازواج کی اجازت دی ہے اور متعہ تو چار سے زیادہ عورتوں
سے کیا جا سکتا ہے۔ پس متعہ عورت زوجہ نہیں ہے اگر زوجہ
ہوتی تو پھر چار سے زیادہ عورتوں سے متعہ صحیح نہ ہوتا۔ اور
کافی شریف میں لکھا ہے کہ شیعوں کے امام نے فرمایا ہے متعہ
عورت نہ چار سے ہے اور نہ ۷۰ سے خلاصہ صاحب تحفہ کا
مقصد یہ ہے کہ جو عورت چار ازواج کے علاوہ کسی کے پاس ہوگی وہ
اس کی زوجہ نہیں ہوگی پس اس سے جماع کرنا زنا شمار ہوگا اور
مرد زناکار اور عورت زانیہ ہوگی ۔

جواب: چار کے عدد میں ازواج کو منحصر کرنے والا گستاخ نبی اور کافر ہے نبی کریمؐ کی ازواج وقت وفات ۹ تھیں

ارباب مذاہب عالم اسلام کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ہمارے نبی کریمؐ
نے جب وفات پائی تھی تو آنجنابؐ کی اس وقت ۹ بیویاں تھیں
۱ رملہ ام حبیبہ ۲ ام سلمہ ۳ سودہ بنت زمعہ ۴ زینب
بنت جحش ۵ جویریہ بنت حارث ۶ صفیہ بنت حیی ۔

۸۔ میمونہ بنت حارث ۹۔ عائشہ بنت ابو بکر ۱۰۔ حفصہ بنت عمر

